دریافت حال مریض بغیر نبض کے

ایک دن میں نے باباجی سے دریافت حال کیا کہ بغیر نبض دیکھے مریضوں
کا حال کس طرح دریافت کیا جاتا ہے۔ بعض مریض ایسے دیکھنے میں آتے ہیں
جن کو ظاہری مرض کوئی نہیں ہوتی لیکن مرض میں مبتلا ضرور ہوتے ہیں۔ آپ
نے فرمایا کہ ایسی بھی امراض ہوتی ہیں جنکا جسم سے کوئی تعلق نہیں ہوتا لیکن صرف
روحانی مرض ہے۔ انکا دریافت حال اس طرح کیا جاتا ہے۔ کہ مریض کا دوپٹہ
لیں۔ اور اس کو گٹھوں سے ناپ لیں۔ پھر اس آیت مبارک کو ایک بار پڑھ
کر تین بار دم کریں۔ اور پھر اس کو ناپیں کہ کتنا کم ہے یا زیادہ ہے پھر
اس کی کمی بیشی دیکھ کر روحانی علاج کریں۔ اگر مریض مرد ہو تو اس کے پیر
کے انگوٹھے سے لے کر سر کے بالوں تک کچی تار سوت کی لے کر سات تاریں
جمع کریں۔ اسی طرح پھر اس کو دم کیا جائے۔ پھر دیکھیں کہ کتنا کم یا زیادہ
ہے۔ اگر ایک انگل کم ہو تو سایہ جن ہے۔ اگر دو انگل کم ہو تو جادو ہے
اگر تین انگل کم ہو تو سایہ پری ہے۔ اگر چار انگل کم ہو تو نظر بد ہے۔
اگر برابر ہو کم و بیشی نہیں تو جسمانی مرض ہے۔ آیت مبارک یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا جَمِیْعَ
اَحْضَارَ اَحَدٍ مَا اَوْرَاتَ اَخْبَرَنِیْ وَ اللّٰہُ بِرَدِّ الْفَوْقَاتِ
الْعَظِیْمِ وَ مَشَارِقُ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ ؕ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۔ آخَرَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ
خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ ؕ

Scanned by CamScanner

دوسرا طریقہ

میں نے عرض کیا اگر اس سے کسی پوشیدہ مرض ہے۔ تو اس کا
علاج کیا ہے۔ تو آپ نے ارشاد فرمایا۔ کہ مریض جس دن بیمار ہوا
ہو تو اس دن کا دریافت حال کریں۔ اور ان کے برابر نقش دیکھ کر
صدقہ ادا کریں۔ تو میں نے عرض کیا اگر مریض کے بیماری کا پہلا دن
معلوم ہو تو پھر کیا کرنا چاہیئے؟ تو آپ نے فرمایا مریض کے نام
کے عدد اور اس کی والدہ کے نام کے عدد نکال کر دونوں کو جمع کریں
اور پھر سات پر تقسیم کریں۔ جو باقی بچے وہ دونوں پر تقسیم کریں۔
اگر ایک بچے تو شنبہ ہے۔ یعنی کہ ہفتہ۔ اگر دو بچیں تو یک شنبہ
یعنی اتوار۔ اگر تین بچیں تو دوشنبہ یعنی سوموار۔ اگر چار بچیں تو سہ شنبہ
یعنی منگل وار اگر پانچ بچیں تو چہارشنبہ یعنی بدھوار۔ اگر چھ بچیں تو
پنجشنبہ یعنی جمعرات۔ اور اگر برابر ہو تو آدنی یعنی جمعہ ہے۔ ان
ناموں کو یہاں ملا کر دریافت حال مرض کرے

۱۔ روز شنبہ ہفتہ

روز شنبہ جو کوئی بیمار ہو اس روز کا حاکم زحل
ہے۔ اور بیمار پر آٹھ دن بہت ہی گراں ہیں۔ بیمار کی
کمر یا نلخہ یا چشم کا زخم ہے۔ علامت: سر پھیرے گا۔ اور بدن
کانپے گا۔ اور سارا جسم خارش ہوگا۔ اور تشنگی ہوگی۔ نیند کم آوے گی۔
اور اگر لڑکا بیمار ہو تو تمام دن رات روئے گا۔ اور دودھ دیکھ
کر منہ موڑے گا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کی دودھ پلانی
نے اس کو کسی غیر عورت کے سامنے دودھ پلایا ہے۔ بچے کو نظر ہو

Scanned by CamScanner

گئی ہے۔ سامنے روز گراں ہیں۔ صدقہ ماش سیاہ سوا پاؤ اور
جانور سیاہ سوا گز اور تھوڑا لوہا محتاجوں کو دے۔ اور ایک تعویذ
نظر بد کا لکھ کر گلے میں ڈالے۔ شب شنبہ کو اگر بیماری ہو تو بیماری
اس کی سایہ پری کی ہے۔ صدقہ کسی جانور سیاہ رنگ اور چار گز
کپڑا اور کپڑے کے ایک گوشے میں تھوڑے کوئلے اور ایک میں تھوڑا
سالوہا اور ایک طرف ہلدی اور ایک میں روٹی باندھ کر کسی کو دے
اور ایک تعویذ نظر بد کا لکھ کر گلے میں ڈالے

۱۲۔ روز یکشنبہ | اس روز کا عامل آفتاب ہے۔ بیمار چودہ
(2) روز اتوار | روز تک بہت علیل ہوگا۔ آخر صحت ہوگی۔

بیماری اس کی بہ سبب برہنہ ہونے کے یا باعث کھانے طعام سفید
کے ہے۔ علامت اس کی یہ ہے کہ درد سر اور بدن اس کا گرم
ہوگا اور تمام رات دن بے قرار ہوگا اور آنکھیں سرخ اور منہ زرد
ہوگا۔ اور کسی سے بات نہ کرے گا۔ اور خواب میں ڈرے گا۔
چاول اور کپڑا بیمار کا پہنا ہوا یا سات روٹیاں تل سے چپڑ کر کسی
محتاج کو دے۔ اگر شب یکشنبہ کو بیمار ہو۔ بیماری اس کی
سبب کالی پری یا کسی دیو کے ہے۔ علامت یہ ہے کہ بدن
سست ہوگا۔ اور خواب میں ڈرے گا۔ اور دیکھے گا کہ کوئی
شخص اس کے سامنے کھڑا ہے۔ اور کسی سے بات نہ کرے
گا۔ صدقہ: سوا گز کپڑا زرد رنگ۔ اور ہلدی زردہ چاول
پکا کر دیوے۔

۳- روز دو شنبہ | اگر کوئی شخص بیمار ہو اس دن تو بت بیماری کی ہے
سوموار | بیمار پندرہ روز بیمار رہے ۔ بیماری اس کی بسبب
نظر چیل یا کوا یا پری یا کھانے سفید کے ہے ۔ علامت اس کی یہ
ہے ۔ درد سر اور سستی جگر اور تمام بدن میں درد اور اگر بچہ بیمار
ہو ۔ ام الصبیان سے ہے ۔ ام الصبیان نام ایک دیونی کا ہے کہ
لڑکے کو دودھ پلاتی جاتی ہے ۔ اس سبب سے لڑکا کسی عورت
کا دودھ نہیں پیتا ۔ یہاں تک کہ ہلاک ہو جاتا ہے ۔ صدقہ ہلدی
اور سندور لڑکے کے سر پہ لگائی جاوے ۔ چوراہے پر ایک
مرغی سفید تل سوا پاؤ ۔ ایک مرغ سفید اور تھوڑا سا تیل سوا ماشہ
چاندی محتاجوں کو دے ۔

۴- سہ شنبہ | اگر کوئی شخص بیمار ہو اس روز مریخ ہے ۔ بیمار
منگل وار | پر دس دن گراں رہے ۔ بیماری اس کی بسبب
دیو کے ہے اور اس کے گھر میں آسیب ہے ۔ یا اس کے گھر میں
کوئی درخت ہے کہ اس پر کوئی آسیب ہے ۔ اس کی نظر لگی ہے ۔
علامت : جاگنے سے ناف اور شکم میں درد معلوم ہوتا ہے ۔
اور تمام بدن کانپتا معلوم ہوتا ہے ۔ اور نیند نہیں آتی ۔ صدقہ
سوا گز کپڑا سرخ رنگ اور مسور سرخ اور برنج اور کنجد اور چند گل
انار ۔ اور ایک کپڑا مریض کے بدن کا اور سیر آرد گندم ، اور گھی
سوا سیر ایک مرغ سرخ مریض کو دکھا کر مستحق کو دے ۔ اگر لڑکا
بیمار ہو تو نظر ڈائن اور بدنظر لگی ہے ۔ صدقہ : شیر اور برنج پکا کر
کپڑا سرخ ہمراہ شیر برنج کے رکھے ۔ اور کسی محتاج کو دے ۔ اگر

عورت حاملہ ہووے - بیماری اس کی سبب اسے ہے - کھانا کوئی
ضرورت کے واسطے اٹھی تھی - اس وقت دیو کھڑا تھا - اس کی نظر پڑی
اور ڈر گئی - علامت :- درد شکم ، پیشاب میں بدبو اور سونے میں
ڈرے - تمام بدن میں کانٹے چبھیں - صدقہ :- ایک بچہ کبوتر سیاہ
کا ذبح کرکے خون اس کا ناخنوں پر لگا کے اور گرم پانی سے دھولے
اور اس پانی کو چورلے پہ میں ڈالے - شب سہ شنبہ کو اگر بیمار ہو تو
بیماری اس کی بہ سبب خوف یا سردی یا نظر دیو پری کے ہے - تھوڑی
اجوائن کھائے - صدقہ جامہ سفید یا سیاہ اور ایک مرغ اور
سوا ماشہ چاندی کسی کو دے

۵ - چہار شنبہ بدھوار	اگر اس روز کو بیمار ہو - اس روز عطارد سے بیمار پر پندرہ روز گراں ہیں - بیماری اس کی اس

سبب سے ہے کہ کسی بزرگ کی نذر مانی تھی - اور ادا نہیں ہوئی - یا
اگر کوئی رنج دل میں ہے - علامت :- درد سر سینہ و پشت - صدقہ :
روغن والی روٹی پکا کر چار گز کپڑا اور تھوڑی سی چاندی ایک
انڈا مرغی کا اور ایک مرغ سفید اور اگر ممکن ہو تو سوا پاؤ گوشت
چیلوں کو دے - سوا پاؤ چاول اور سوا پاؤ تل سیاہ محتاجوں کو دے
اگر لڑکا بیمار ہو تو اس کی دودھ پلانے والی نے ایک عورت کے
سامنے دودھ پلایا ہے - علامت یہ ہے کہ لڑکا دودھ نہ پے
اور سست رہے - صدقہ :- ایک چراغ آٹے کا چار رویہ بنا
اور گھی ڈال کر چاروں طرف اس کی بتی جلا دے اور میں ڈالے
اور نمک اور موٹھ اور برنج محتاجوں کو دے - اگر شب چہار شنبہ

Scanned by CamScanner

کو بیمار ہو۔ بیماری اس کی بہ سبب غم کے ہے۔
صدقہ: سوا پاؤ برنج۔ ایک مرغ اور کپڑا مریض کے بدن کا اور سوا پاؤ کی دو روٹیاں کسی محتاج کو دے۔

روز پنج شنبہ جمعرات

اگر اس روز کو بیمار ہو تو یہ روز مشتری ہے۔ مرض یہ اس روز گراں ہیں بیماری اس کی اس سبب سے ہے کہ کسی روز برہنہ غسل کیا ننگا بدن کسی پری کو اچھا معلوم ہوا یا آدھی رات کو پانی پینے یا پیشاب وغیرہ کو اٹھا ہے اور نظر پری کی پڑی ہے۔ علامت اس کی یہ ہے کہ درد سر اور درد ناف ہے اور سوتے میں ڈرے اور آنکھ خراب ہوتی جاوے۔

صدقہ: سرخ مرغ اور جامہ زرد۔ تل سرخ و سیاہ اور تھوڑی مہندی کی پتی اور سوا پاؤ گندم اور تھوڑی چاندی صدقہ دو۔

اگر لڑکا بیمار ہے۔ ام الصبیان نے دودھ پلایا ہے۔
علامت یہ ہے۔ کہ بچہ اپنی ماں کا دودھ نہیں پیتا۔ اگر کچھ پیتا ہے تو فوراً قے کر دیتا ہے۔ اور لحظہ بہ لحظہ رنگ سبز اور زرد ہوا جاتا ہے۔ اور گھڑی گھڑی لاغر ہوتا جاتا ہے۔

صدقہ: ایک چراغ جو کے آٹے کا بناوے اور چار طرف اس کے بتی جلاوے۔ کھیر پکا کر مریض کو دکھا کر دریا میں چھوڑ دے۔

شب پنج شنبہ کو اگر بیمار ہو دے۔ سبب اس کا شر دیو یا پری ہے کہ رات کو چلتے وقت کسی پری کو رفتار اچھی معلوم ہوئی۔
علامت: اعضا شکنی اور سستی بدن اور پیڑوں میں درد ہو۔
صدقہ: ایک سیاہ بکری کا بچہ، آرد جو سوا سیر، نمک ذرا تیل

سوا چھٹانک کسی محتاج کو دیوے۔

۷۔ آدنی جمعہ | اس روز کو بیمار ہو۔ اس روز زہرہ ہے۔ بیمار پر گیارہ روز شدت کے ہیں۔ اس کی بیماری کا سبب غلبہ خون کے ہے یا کسی جگہ خود بخود گر پڑا ہے۔ وہاں جن تھا۔ اس کا دھکا لگا ہے۔ علامت: کاہلی بدن اور سردرد ہووے اور خواب میں ڈرے اور آنکھیں سرخ ہو جاویں۔

صدقہ: خاک چورا ہے کی یا خاک مرگھٹ کی لے کر سفید بکرے کے خون میں تر کرکے اور ایک چراغ ماش کے آٹے کا بناوے اور تھوڑا سا سندور اور تھوڑی سی ہلدی لے کر ان سب چیزوں کو ایک سیاہ کپڑے میں باندھے۔ اور کوری ہانڈی میں رکھ کر دریا میں ڈالے اور ایک روٹی سوا پاؤ آٹے کی پکا کر روغن زرد (گھی) شکر سوا پاؤ رکھ کر تھوڑی چاندی اور سوا گز کپڑا سفید کسی کو دے۔ اگر لڑکا بیمار ہووے۔ اس کو صدقہ دیو یا پری یا کھانے دودھ چاول یا نہانے کے سبب ہے۔

علامت: درد سر یا تالو اور آنکھوں سے پانی جاری ہوگا اور چہرہ زرد ہوگا۔ دودھ نہ پیئے گا۔ کوے یا مرغ کی دم کے بال لے کر جلاوے۔ اور دھواں اس کا بدن پر پہنچاوے۔ دیگ پکا کر محتاج کو دے۔

شب جمعہ کو اگر بیمار ہو تو بیماری اس کا صدمہ یا دیو یا پری کا ہے۔

صدقہ: روغن کنجد (تل کا تیل) دال ماش دال نخود دال مسور یا کوئی جانور سفید یا سیاہ، قدرے چاندی، اگر ممکن نہ ہو تو ایک روٹی ڈھائی پاؤ

باؤ کی روغن نگاؤ سے تر کر کے سفید شکر کمال کرا اور کپڑا سفید اور ایک
انڈا مرغی کا اور ایک کوزہ تازہ پانی کا کسی محتاج کو دو۔

نقش پر کرنے کا طریقہ

ایک دن کا ذکر ہے۔ کہ میں نے بابا جی سے دریافت کیا۔ کہ
بعض نقش لکھے جاتے ہیں۔ لیکن ان کا اثر نہیں ہوتا۔ تو آپ
نے ارشاد فرمایا۔ وہ غلط طریقہ سے پُر کئے جاتے ہیں تو میں نے
عرض کیا۔ صحیح طریقہ کیا ہے۔ آپ نے فرمایا۔ کہ ہندسوں کا
نقش اس طریقہ پہ پُر کریں۔ اور لفظوں کا نقش اس طریقہ سے
پُر کریں۔ اور لفظوں کا نقش اس طریقہ سے پُر کیا جائے۔
جن کے عدد کم ہوں۔ اس کو پہلے لکھیں۔ اور جس کے زیادہ ہوں
اس کو بعد میں لکھیں۔ دونوں نقشے دیکھیں۔

صحیح طریقہ نمبر ۱

۷۸۶

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

صحیح طریقہ نمبر ۲

۷۸۶

ح ۸	ا ۱	و ۶
ج ۳	ہ ۵	ز ۷
د ۴	ط ۹	ب ۲

عامل کو لازم ہے کہ ان نقشوں کا خیال رکھیں۔ جس طریقہ سے یہ
نقش پُر کیا گیا ہے۔ اسی نقشہ پر کریں۔ جیسے ا ل۔ ب نمبر ۲ ج نمبر ۳
د نمبر ۴۔ ہ نمبر ۵۔ و نمبر ۶۔ ح نمبر ۸۔ ط نمبر ۹۔ ی نمبر
طریقہ سے ہندسوں کا نقش بھی پُر ہوتا ہے۔

جو بزرگوں کے نام کا نقش ہوتا ہے۔ اس کو ان کی بزرگی کے انداز
سے پُر کیا جاتا ہے۔ یعنی اللہ کا نام پہلے اور محمدؐ کا نام بعد اسی طرح
حضرت علی رض کرم اللہ وجہہ حضرت صدیق اکبرؓ حضرت عثمان رض غنی۔
حضرت عمر فاروقؓ خطاب۔ یہ طریقہ یاد رکھیں۔ اور بزرگوں کی شان
کے مطابق نام لکھے جائیں۔ میں امید کرتا ہوں انشاء اللہ ہمارے
نقشوں کا تجربہ کبھی خام نہیں جاتا۔ میں آج سے پندرہ سال پہلے
سے تجربہ کر رہا ہوں۔

چور پکڑنے کا طریقہ

میں نے عرض کیا بابا جی! بعض لوگ دوسروں کا مال چرا کر لے

Scanned by CamScanner

جانتے ہیں۔ لیکن دریافت حال نہیں ہوسکتا۔ یہ کونسا طریقہ ہے کہ
چوروں کا دریافت حال کیا جائے۔ آپ نے ارشاد فرمایا: بہت
سے طریقے ہیں۔ میں نے عرض کیا آسان آسان طریقے ارشاد فرمائیں۔
تو آپ نے فرمایا جس جگہ سے مال چوری ہوا ہو اسی جگہ عامل کو
لازم ہے کہ سات بار بلند آواز سے آذان پڑھے۔ اور امید ہے
انشاء اللہ مال فوراً مل جائے گا اگر ملے نہ تو صحیح پتہ ضرور چل جاتا ہے
دوسرا طریقہ:۔ عامل کو لازم ہے۔ ایک صاف ستھرا لوٹا لے کر
سامنے ایک سائل کو بٹھائے اور لوٹے کے کنڈے کو دونوں شہادت
کی انگلیوں سے پکڑ کر اٹھا لیں۔ اور سورہ یٰسین پڑھنا شروع کرے
پہلی مبین پہ پہنچتے ہی لوٹا گھوم جائے گا۔ چور کا نام لکھ کر اس لوٹے
میں ڈال لیں۔ جن جن آدمیوں پر شبہ ہو ان کے علیحدہ علیحدہ نام لکھ
کر پہلے ہی پاس رکھیں۔ اور بار بار سورۃ تلاوت کرتا جائے ناموں کو
ڈالتا جائے۔ حتی کہ جو چور ہے اس کے نام پہ لوٹا ضرور گھومے گا۔ لیکن
شرط یہ ہے عامل کو یٰسین کا عمل ہونا چاہیئے۔ عمل کا طریقہ یہ ہے
بعد نماز عشاء پاک صاف کپڑے پہن کر اور خوشبو وغیرہ لگا کر
مسند پر بیٹھ جائیں۔ اول آخر درود شریف پڑھ کر سورۃ یٰسین
کو شروع کرکے دوسری مبین پہ ختم کرے اور دوبارہ شروع سے شروع
کر کے تیسری مبین پر ختم کرے اور پھر شروع سے شروع کرکے چوتھی
مبین پہ ختم کرے۔ علیٰ ہذا القیاس ساتویں مبین تک۔ اسی طرح پڑھے
اور اسی طریقہ سے تین بار پوری سورۃ تلاوت کی جائے اکیس دن
تک بلا ناغہ چلہ کیا جاتا ہے۔ لیکن دوران چلہ میں کسی قسم کا کوئی

Scanned by CamScanner

خطرہ نہیں ہے۔ صرف پرہیز کی ضرورت ہے۔

تیسرا طریقہ:۔ عامل کو لازم ہے کہ پہلے سائل سے وضو کروا لے۔ پھر سائل درود شریف پڑھ کر آنکھیں بند کر اور جس پر شبہ ہو ان کا دل میں تصور کرے ان لفظوں کے خانے پر شہادت کی انگلی رکھیں جس سبق پر انگلی پڑے اس کا احوال دیکھ لیں کہ چور کون ہے۔

ح ل	ط ن	د س
ی ح	ا د	ل از
م ح	ب ک	ج م

(۱) دس:۔ سفید یا سیاہ رنگ کا آدمی ہے۔ وہ تمہارا دشمن ہے یا تمہارے دشمن کا نوکر ہے۔ پست قد، لب باریک۔ اس کا مکان پورب کی طرف ہے۔ مگر چور پھر آئے گا۔ اور تمہارا مال مل جائے گا۔

(۲) طن: چور کا رنگ گندمی ہے۔ قدم راست پہ نشان ہے۔ چور دکن کی طرف گیا ہے۔ چور کو پکڑنا اور مال ملنا مشکل ہے۔

(۳) حل: چور کا رنگ سیاہ اور پیشانی پہ نشان ہے۔ اس کا گھر جنوب کی طرف ہے اور جنوب کی طرف ہی بھاگا ہے۔ خوب تلاش کرو۔ مل جائے گا۔

۴۔ ی ح:۔ چور کا رنگ زرد ہے۔ اس کے دائیں یا بائیں بازو نشان ہے۔ وہ تمہارا محبوب ہے۔

۵۔ م ح: چور کا رنگ گندمی ہے۔ داہنے پاؤں پہ نشان ہے۔

Scanned by CamScanner

تلاش کرو۔ مال مل جاوے گا

(۶) لام ذ: چور مرد ہے۔ جس کا رنگ سیاہ ہے۔ وہ خود تمہارا دشمن ہے۔ اور تمہارے دشمن کا دوست ہے۔ محلے والوں سے مل کر کوشش کرو۔ چوری مل جاوے گی۔ مگر مال نہیں ملے گا۔

(۷) ج م: چور مرد ہے۔ اور رنگ اس کا گندمی ہے۔ مال ملنے کی امید نہیں۔

(۸) ب ک: چور عورت ہے جس کا رنگ زرد ہے۔ منہ زیادہ چوڑا ہے۔ قد بڑا۔ دائیں ہاتھ پر زخم یا داغ ہے۔ گھر واپس آئے گا۔ چور بیگانہ نہیں۔ گم شدہ مال مل جائے گا۔ ضرور تلاش کرو۔

(۹) ا د: چور کے بدن کا رنگ زرد ہے۔ پست قد اور موٹا ہے۔ اس کے بائیں پاؤں پر نشان ہے۔ کوشش کرو گیا ہوا مال مل جائے گا۔

دیگر طریقہ: جس چور کا پتہ نہ چلے تو عامل کو لازم ہے کہ پاک صاف کپڑے پہن کر بعد نماز عشاء دو رکعت نماز ادا کرے پہلی رکعت میں بعد الحمد شریف سورۃ الشمس سات بار پڑھے اور دوسری رکعت میں سورۃ واللیل سات بار پڑھے اور بعد سلام کے ایک سو ایک بار درود شریف پڑھے اور اس نقش کو لکھ کر سرہانے کے نیچے رکھ کر سو رہے تو چور کو خواب میں دیکھے گا اور پہچان بھی لے گا۔ کہ چور کون ہے

نقش مبارک اگلے صفحہ پر

ص	د	ل	و
ل	ص	م	ل
ل	ی	ص	ح
م	ل	ا	ص

دیگر: پانی پینے کا ایک پاک و صاف کٹورا لے کر اس کے درمیان یہ لکھیں۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔
والطور و کتاب مسطور فی رق منشور والبیت
المعمور والسقف المرفوع والبحر المسجور
ان عذاب ربک لواقع (سورہ طور پارہ ۲۷)
چاندی کی دو انگوٹھیاں لے کر اس کٹورا میں ڈالیں۔ پھر کٹورا کی پیشانی پر یہ نقش تحریر کریں۔ اور جوان لڑکی یا بچے کے والے ایک مٹھی لے کر مارتے جائیں۔ تو چور کے نام پہ کٹورا گھومے گا۔ جن جن لوگوں پر چوری کا شبہ ہو۔ ان کو ارد گرد بٹھا لیں۔ چور کی طرف خود بخود کٹورا گھوم جائے گا۔ اگر شبہ والے آدمی موجود نہ ہوں تو ان کے نام کاغذ پہ لکھ کر ایک ایک نام کٹورا میں ڈالتے جائیں تو سورۃ یٰسین پڑھتے جائیں۔ جب چور کا نام آئے گا۔ تو کٹورا ضرور گھومے گا۔ انشاء اللہ

نقش مبارکہ اگلے صفحہ پر دیکھیں

بے اولاد عورتوں کی بیماری اور علاج

ایک دن میں نے باباجی کی خدمت میں عرض کیا۔ کہ بعضے مریض دیکھنے میں آئے ہیں۔ کہ صحت تو اچھی معلوم ہوتی ہے۔ اولاد نہیں ہوتی۔ تو باباجی صاحب نے فرمایا کہ میں نے بھی یہ بات پیر صاحب سے دریافت کی تھی۔ انہوں نے فرمایا کہ میں نے اپنے پیر سے سنا ہے۔ کہ ایک دن حضرت سلیمان علیہ السلام تخت پر بیٹھے ہوئے تھے۔ بہت سی عورتیں بے اولاد حضرت کے دربار میں حاضر ہوئیں۔ تو عرض کیا۔ حضرت ہمارے ہاں اولاد پیدا نہیں ہوتی تو حضرت نے فرمایا اب ٹھہر جاؤ۔ پریوں کو بلاتا ہوں۔ اور دریافت حال مرض کرتا ہوں۔ تو پھر آپ کو بتاتا ہوں حضرت سلیمان علیہ السلام نے پریوں کو طلب کیا۔ اور بے اولاد عورتوں کا حال دریافت کیا۔ تو پریوں نے عرض کی کہ حضرت سات مرض رحم میں ہوتی ہیں۔ جس کی وجہ سے اولاد پیدا نہیں ہو سکتی۔ تو حضرت نے فرمایا۔ کہ مرض بھی بتاؤ۔ اور ساتھ ساتھ علاج بھی بتاؤ

تو پہیلیوں سے مرض کی آپ سنو۔ مرض یہ ہیں

۱۔ یہ کہ عورت کا رحم بھرا ہوا ہوتا ہے۔ اس واسطے نطفہ اپنی جگہ پہ نہیں جاتا۔

۲۔ رحم میں ہوا بھری ہوئی ہے۔ تخم کو اپنی جگہ پر جانے کا راستہ نہیں ملتا۔

۳۔ یہ کہ رحم کے منہ میں گوشت زیادہ ہونے کی وجہ سے رحم کا منہ بند ہو جاتا ہے۔ اس لیے تخم اندر نہیں جا سکتا۔

۴۔ یہ کہ رحم میں کیڑے پڑے ہوتے ہیں۔ وہ تخم نگل جاتے ہیں۔

۵۔ یہ کہ رحم میں گرمی ہوتی ہے۔ اس لیئے خون میں مل جاتا ہے۔ تخم اس لئے نہیں ٹھہرتا۔

۶۔ یہ کہ رحم میں سردی ہوتی ہے۔ اس لیے تخم پختہ نہیں ہوتا۔

۷۔ یہ کہ عورت کو آسیب دیو یا پری ہوتا ہے۔ وہ تخم کو مارتا ہے۔

شناخت

کہ جس وقت آدمی عورت سے مجامعت کرتا ہے۔ اگر عورت کا سر درد کرے، رحم بھرا ہوتا ہے۔ اگر اس وقت منہ کانپے تو معلوم کرنا چاہیئے کہ رحم میں ہوا بھری ہوتی ہے۔ اگر اس وقت ہڈیاں درد کریں تو معلوم کرنا چاہیے۔ کہ رحم میں گوشت زیادہ اگر پاؤں کی پنڈلیاں درد کریں تو رحم میں کیڑے پڑے ہوئے ہیں۔

اگر کسی جگہ درد نہ ہو تو دیو یا پری یا آسیب ہو گا۔
اگر رحم کا منہ الٹا ہوا ہو تو وافر پھیپھڑہ مرغابی دونوں کو ایک جگہ ملائیں۔ اور شافہ بنا کر تین روز تک شافہ کریں اور پھر خاوند کے پاس عورت جائے تو فرزند پیدا ہو گا۔
اگر رحم میں ہوا بھری ہو۔ تو انگوزہ یعنی ہینگ خالص تلوں کے تیل میں ملا کر حیض کے بعد تین روز تک شافہ کریں۔ حمل ٹھہر جائے گا۔
اگر رحم کا گوشت زیادہ ہو تو زیرہ سفید اور ہاتھی کے ناخن روغن زرد میں ملا کر بعد حیض کے تین روز شافہ کریں۔ حمل ہو گا۔
اگر رحم میں کیڑے پڑے ہوں تو صابن کا پانی اور سچی ململ کا حیض کے بعد ۲ دن تک شافہ کریں۔
اگر آسیب دیو پری کا ہو تو تعویذ مشک و زعفران اور گلاب سے لکھ کر عقیمہ (بانجھ) کی کمر میں باندھے۔ خدا تعالیٰ کے حکم سے حمل ہو گا۔ اور فرزند نرینہ پیدا ہو گا۔ بعد اس کے بابا جی صاحب نے بسم اللہ کا نقش پر کرنے کی ہدایت کی جس کو اس طریقے پر کیا جاتا ہے۔ عامل کو لازم ہے۔ پاک صاف ہو کر اس نقش کو لکھیں۔ اور ہر لکیر پر ایک بار بسم اللہ شریف لکھتے ہوئے اتنی بار بسم اللہ شریف پڑھی جائے۔ اس نقش کو لکھ کر جب عورت حیض کے بعد پاک ہو تو ہر روز ایک نقش پلایا جائے ہر ماہ کے بعد سات نقش پلائے جائیں۔ اسی طرح چھ ماہ عمل کریں تو انشاء اللہ اولاد پیدا ہو گی۔ اور اس نقش کی اور بہت سی خوبیاں لکھیا

اگر کوئی آدمی بے روزگار ہو - اس کو دائیں بازو پر باندھیں
تو با روزگار ہو گا -

اگر کوئی آدمی با روزگار ہے اور کمائی میں برکت نہیں - تو
ایک نقش اپنے پاس رکھے اور دوسرا نقش جہاں پیسے رکھتا ہو
وہاں رکھے

اگر کسی آدمی کی فصل خراب ہو جاتی ہو اور طرح طرح کی بیماری
لگ جاتی ہو تو اس نقش کو لکھ کر فصل بیجنے کے فوراً بعد روئی
میں لپیٹ کر فصل کے درمیان دفن کرے - امید ہے انشاء اللہ
فصل کو کوئی بیماری نہ آئے گی -

اگر کسی دوکاندار کی دکان میں بکری کی کمی ہو تو وہ شخص اس
نقش کو لکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھے اور دوسرے کو گلے
میں رکھے - تو انشاء اللہ اس کی برکت سے بہت سے گاہک
آئیں گے - نقش مکرم یہ ہے

۷۸۶

۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶
۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶
۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶

Scanned by CamScanner

نقش برائے احتلام

جس آدمی کو بہ کثرت احتلام ہو جاتا ہو۔ لیکن وہ نہیں جانتا کہ کونسی وجہ ہے۔ تو اس نقش کو لکھ کر صبح و شام پانی میں گھول کر استعمال کریں۔ نقش لکھنے کا طریقہ یہ ہے۔ کہ پاک و صاف ہو کر ہر لکیر پر بسم اللہ پڑھی جائے۔ اور ہر عدد پر بسم اللہ پڑھی جائے۔ اس کا لکھنا مشکل ہے لیکن یہ اندازہ کر لیں۔ کہ اس نقش میں کون کون سے بزرگوں کے نام لکھے ہیں۔ اور کن کے چھوٹا درجہ لکھے ہیں۔ اسی ترکیب سے اس کو پُر کیا جاتا ہے۔ لکھیں باوضو بعد نماز عصر کے پہلے بیٹھ کر لکھا جاتا کسی اور جگہ پر لکھنا ممکن ہے۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

اعوذ باللہ	من الشیطان	الرجیم	بسم اللہ
الرحمٰن الرحیم	یا اللہ	یا محمدؐ	یا علیؑ
یا صدیقؓ	یا عثمانؓ	یا عمرؓ	یا عمر

نقش برائے مرگی

غالب کلام ہے کہ اس نقش کو بھی احترام سے نقش کے مطابق لکھیں جو

نقش برائے لڑکا پیدا ہو

جس عورت کے لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں تو عامل کو لازم ہے۔ سات تار نیلے رنگ کا دھاگہ لے کر مریضہ سے لے کر بالوں تک لمبا ناپے۔ اور سورۃ الرحمٰن کو پڑھنا شروع کرے اور ہر آیت فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰن ۵ پر دم کر کے پھونک مارے اور گرہ دے دو۔ اسی طرح اس سورۃ میں اکتیس ۳۱ بار یہ آیت آتی ہے۔ اتنی ہی گرہ دے دو۔ اور پھر ایک بار پوری سورۃ پڑھ کر دھاگے پہ دم کریں اور حاملہ کی کمر میں باندھ دیں۔ انشاء اللہ لڑکا ہی پیدا ہوگا۔ دوسرا طریقہ یہ ہے۔

دوسرا طریقہ: اس نقش کو لکھ کر ایک مرد کو کھلائیں اور ایک عورت کو کھلائیں۔ یہ عمل چالیس دن تک جاری رکھیں۔ امید ہے اس سے بھی پیدائش میں تبدیلی ہو جاتی ہے۔

نقش مبارک یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۴۴	۴۷	۱
۴۶	۲	۷	۴۵
۳	۴۹	۴۲	۶
۴۳	۵	۴	۴۸

Scanned by CamScanner

نقش برائے فتحنامہ

یہ نقش سورۃ طٰہٰ کا ہے۔ جو چاہے کہ ہیں دنیا کی نظروں میں مقبول ہوں اور دشمنوں سے نجات چاہوں تو ہر میدان میں مجھے فتح ہو تو اس نقش کو لکھ کر دائیں بازو پر باندھیں تو امید ہے انشاء اللہ وہ دنیا کی نظروں میں مقبول ہوگا۔

نقش مکرم یہ ہے:

۷۸۶

احمد ۹۹	لا الٰہ ۹۹	حبیب ۹۹
رحیم ۹۹	نذیر ۹۹	ملائک ۹۹
بشیر ۹۹	عزیز ۹۹	منیر ۹۹

نقش برائے زیادتی علم

یہ نقش بھی سورہ طٰہٰ کا ہی ہے جس بچے کو علم نہ آتا ہو۔ اور علم پڑھنے سے جی چراتا ہو۔ تو عامل کو لازم ہے۔ اس نقش کو زعفران سے لکھے اور بچے کو گھول کر پلائے تو اسی طرح دو ہفتے تک یہ عمل کرے اور گلے میں ڈالیں

نقش مبارک ۵۱ پر ہے

نقش مکرم یہ ہے :

۷۸۶

رَبِّ اشْرَحْ	لِیْ صَدْرِیْ	وَیَسِّرْ لِیْ
اَمْرِیْ	وَاحْلُلْ	عُقْدَۃً مِّنْ
لِّسَانِیْ	یَفْقَهُوْا	قَوْلِیْ

نظر بد کیلئے

عامل کو لازم ہے۔ اس نقش کو لکھ کر جس کو نظر بد لگی ہوئی ہو گھول کر پلائیں۔ تو امید ہے انشاء اللہ نظر جاتی رہے گی :۔

نقش یہ ہے :

۷۸۶

۸۲۰۷	۸۲۰۶	۸۲۰۵
۸۲۱۰	۸۲۰۹	۸۲۰۸
۸۲۱۳	۸۲۱۲	۸۲۱۱

نقش برائے اٹھرا ہر قسم

یہ نقش اٹھرا کا نہایت مجرب ہے۔ عامل کو لازم ہے اس نقش کو لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں اور ایک نقش سورۃ فاتحہ کا لکھ کر ایک

Scanned by CamScanner

بوتل میں سات نلکوں کا پانی جمع کریں اور سات سات بار سورۃ فاتحہ پڑھ کر
اس پانی کو دم کریں۔ اور اکتالیس دن تک بچے کو پلاتے رہیں۔ جب پانی
کم ہو تو پھر صرف ایک ہی نلکے کا ڈالا جائے۔ شرط یہ ہے کہ پانی
ختم ہونے لگے تو اور ڈال لیں۔

نقش یہ ہے ۷۸۶

سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْمِ ط
سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْمِ ط
سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْمِ ط
لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ط
صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

دیگر برائے اٹھرا

یہ دونوں نقش سورۃ فاتحہ (الحمد شریف) کے ہیں۔ اور دونوں کی خاصیت
برابر ایک ہی ہے۔ اس کو درد شکم درد جگر کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے
لیکن درد جگر کے لئے اس کو زعفران سے لکھا جاتا ہے۔ جس کے گھر میں جن
وغیرہ روڑے چلاتے ہوں۔ یعنی اینٹیں کنکر وغیرہ مارتے ہوں تو اس
کو لکھ کر چاروں کونوں اور دیواروں میں لگا دیں۔ انشاء اللہ یہ حرکت
بند ہو جائے گی۔

اگر کوئی مریض صحتیاب نہ ہوتا ہو اور اس کو سب نے لاعلاج کر دیا ہے

تو اس نقش کو روزانہ گھول کر پینا صحت کی نشانی ہے - اگر کوئی عورت اٹھرا کی مرض میں مبتلا ہے - اس کو صبح شام پلانا صحت کی نشانی ہے

786 ۷۸۶

الرحیم	الرحمٰن	رب العلمین	الحمد للہ
وایاک نستعین	ایاک نعبد	الدین	ملک یوم
انعمت علیہم	صراط الذین	المستقیم	اھدنا الصراط
لین	ولاالضا	علیہم	غیر المغضوب

۷۸۶

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیمo

الحمد للہ رب العالمین الرحمٰن الرحیم ملک یوم الدین ایاک نعبد وایاک نستعین اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیہم غیر المغضوب علیہم ولا الضالین

آمین

دیگر

نقش آیت الکرسی کا ہے - جس کی خاصیت بھی نقش سورۃ فاتحہ کے کے مطابق اور برابر ہے - نقش اگلے صفحہ ۲۵ پر ہے -

Scanned by CamScanner

نقش مکرم آیۃ الکرسی کا یہ ہے

۷۸۶

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط
اَللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ - لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّ لَا نَوْمٌ ط لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ط مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗ اِلَّا بِاِذْنِہٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ط

نقش بھاگے ہوئے کو واپس بلانا

(گردنامہ)
اس نقش کو لکھ کر پاک و صاف کپڑے کی ٹاکی میں باندھ کر چرخے کے ساتھ باندھیں - اور روزانہ اس کو گھمائیں - جب گھمانا بند کریں تو چرخے کو کھڑا کر دیں :-

(نقش مبارک صفحہ ۵۵ پہ ہے)

Scanned by CamScanner

نقش مکرم یہ ہے: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

میکائیل

یا محمد یا علی

الٰہی فلاں واپس آ جائے
سوائے اپنے گھر کے کہیں
قرار نہ پائے

یا محمد یا علی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۷۸۶ ۹۲ ۱۱۰

[illegible]

دوسرا نقش بھاگے ہوئے کیلئے: اس نقش مبارک کو لکھ کر پاک صاف ململ میں باندھ کر چرخے کے ساتھ باندھیں اور کنواری لڑکی اس کو گھمائے امید ہے انشاء اللہ تین دن گھمانے سے بھاگا ہوا واپس آ جائے گا۔ جب چرخے کو گھمانا بند کریں تو چرخہ اٹھا دیں۔

نقش مبارک یہ ہے:

۷۸۶

۱۷	۵۵	۱۵۳
۱۵	۵۱	
محمد	۵	یہ سورے

نقش برائے ناف

اگر کسی کی ناف ٹلنے پہ نہ آتی ہو۔ تو اس نقش کو لکھ کر کسی پاک ٹاکی میں باندھ کر رات کو سوتے وقت ناف کے اوپر باندھیں اس کی برکت سے ناف ٹھیک ہو جائے گی

۷۸۶

ط	ط	ط	ط
ط	ط	ط	ط
ط	ط	ط	ط
ط	ط	ط	ط

دیگر نقش نمبر ۲

یہ نقش بھی ناف کا مجرب ہے۔ اس کو لکھ کر کسی چیز میں مڑھا کر مریض کے گلے میں ڈال دیا جائے۔ جو ناف کے عین اوپر لٹکتا رہے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ پہلے ناف کو صحیح کیا جائے اور یہ لکھنا اس ترکیب سے جائے پہلے ایک دائرہ بنایا جائے اس دائرے میں عددی بسم اللہ یعنی ۷۸۶ اور پھر نیچے یا علیؑ لکھیں اور دائرے کے باہر ساتھ ساتھ عین اور م سے اسی طرح دائرہ بنایا جائے۔ لیکن جگہ باقی نہ رہے اور چاروں طرف یا غفور لکھیں۔ اس نقش مکرم کی برکت

سے بھی تاثیر نہ ملے گی۔ ہمارا پندرہ سالہ تجربہ اور ہمارے باباجی کا چالیس سالہ تجربہ ہے۔

نقش برائے محبت

اس نقش کو لکھ کر اس عورت جس کو اس کا خاوند بالکل محبت نہ کرتا ہو اپنے دائیں بازو پر باندھے تو انشاء اللہ اس کا مالک تابعدار ہوگا۔ اور محبت کا دم بھرنے لگے۔ مگر شرط یہ ہے کہ مندرجہ ذیل آیت کو بھی صبح شام ایک سو بار روزانہ پڑھے اور فلاں بن فلاں کی جگہ نام مالک اور اس کی والدہ، اپنا اور اپنی والدہ کا نام بھی لکھے نقش یہ ہے

۷۸۶

۲	۳	۹	ع
ل	ف	ع	ط
م	ن	۳	ا
فلاں بن فلاں	فلاں بن فلاں	فلاں بن فلاں	فلاں بن فلاں

آیت یہ ہے: هُوَ الْحَجَبُ الَّذِیْ تُوْحِیْ شِفَاعًا تُحِبُّوْنَ لِکُلِّ هُوَ الیم ان لمعوال مجحی ؕ

دیگر نقش برائے محبت

جو طالب کسی مطلوب کی فرقت میں مبتلا ہو۔ اس کو چاہیے کہ اس نقش کو لکھ کر نیچے اپنا اور اپنی والدہ کا نام مطلوب کا نام مع اس کی والدہ کے نام کے اس کو چھوٹی شیشی میں بند کر کے خوشبودار تیل ڈالیں۔ چولہے کے نیچے نصف فٹ گڑھا کر دفن کریں۔ یہ یاد رکھیں کہ تعویذ جل نہ جائے۔ اور یہ بھی خیال رہے کہ بہت نیچے بھی نہ ہو کہ اس کو سیک نہ لگ سکے۔ اور ایک چراغ لے کر اس آیت کی بتی بنا کر اس چراغ کا منہ مطلوب کے گھر کی طرف کریں۔ اور بعد نماز عشاء اس آیت کو تین سو تیس (۳۳۰) بار پڑھیں۔ اسی طرح اکیس دن بلا ناغہ یہ عمل جاری رکھیں۔ آیت اور نقش مندرجہ ذیل ہیں۔ آیت کریمہ یہ ہے:۔ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ

۷۸۶

وَمِنَ النَّاسِ يَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ			
اندادا	یحبونهم	کحب	الله
فلاں یا الله	والذین	امنو	الله
یحب	یحب	فلاں کحب	ابن فلاں

نقش برائے محبت

اس نقش کو اس طرح لکھا جاتا ہے۔ ایک سے سولہ۱۶ خانوں میں ختم ہوتا ہے۔ ترکیب یہ ہے۔ دو، چار، چھ، آٹھ اسی طرح تمام نقش کو پُر کیا جاتا ہے۔ نیچے مطلوب کا نام اس کی والدہ کا نام۔ اس کے نیچے طالب کا نام اور اس کی والدہ کا۔ پھر اس کو کھول کر پہلے طالب پھر مطلوب کو پلایا جائے۔ امید ہے انشاء اللہ مطلوب طالب بن جائے گا۔ نقش مبارک یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۶	۴	۲
۲۰	۴	۶	۸
۶	۸	۲	۴
۴	۲	۸	۶

نقش بغض

اس نقش کو جدائی کے لئے لکھا جاتا ہے۔ شرط یہ ہے بائیں ران پر لکھیں اور ساعت زحل ستارہ کی ہو۔ اور منہ میں کڑوی چیز رکھ کر لکھیں جن کے درمیان جدائی کرنا مقصود ہو۔ ان کے نام اور ان کی والدہ کے نام لکھے جائیں۔ اور پھر اس نقش کو پرانی قبر میں ایک گہرا گڑھا کھود کر دفن کریں اور امید ہے انشاء اللہ جدائی ضرور ہو گی۔

نقش نمبر ۳ اگلے صفحہ ۶۰ پر ہے۔

Scanned by CamScanner

نقش مکرم یہ ہے:

۷۸۶

۲ ۱	۴ ۱۳	۶ ۱۱	۸ ۸
۸ ۱۴	۷ ۵	۴ ۳	۷ ۱۲
۱۲ ۶	۱۲ ۹	۱۶ ۸	۹ ۱۰
۱۱ ۱۵	۸ ۱۴	۲ ۵	۳ ۱۰

دیگر نقش لبغض

15

اس آیت کو بھی اسی ترکیب سے لکھیں۔ اور اسی طرح نیچے نام لکھ کر پرانی قبر میں دفن کریں۔ اس کی شرط یہ ہے۔ برج کا دن آخری منگلوار ہو۔ اور دن کے بارہ بجے اس کو لکھیں۔ لیکن ترکیب پہلی ہے: آیت مبارک یہ ہے:

۷۸۶

الْقَارِعَةُ مَا الْقَارِعَةُ وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْقَارِعَةُ الحاقة وما ادراك ما القارعة كذبت ثمود اتغواه ط

نقش برائے اطفال

اس نقش مبارک کو لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں تو امید ہے انشاء اللہ اس تعویذ کی برکت سے بچہ روئے گا نہیں

Scanned by CamScanner

نقش مکرم یہ ہے ۔

۷۸۶

۷	۳۴	۱۳	۸
۱۸	۳۳	۶۱	۳
۱۷	۱۳۴	۷۱	۱۲
۳	۹	۹	۱۲

دیگر گریہ اطفال

اس نقش مکرم (آیت شریف) کی بھی خاصیت وہی ہے ۔ اور اس کو بھی لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالا جاتا ہے ۔ لیکن شرط یہ ہے کہ تعویذ بھیگنے نہ دیا جائے ۔ نقش مبارک یہ ہے ۔

۷۸۶

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط شہد اللہ ان لا الٰہ الا ھو والملٰئکۃ والعلم قائماً بالقسط الا ھو العزیز الحکیم ط
ان الدین عند اللہ الاسلام ط

نقش برائے جوڑا مبارک

یہی وہ جوڑا ہے جو عرش بریں پر گیا تھا ۔ اور جس کو اللہ تعالےٰ نے بھی قبول فرمایا ۔ اس کے فائدے بے شمار ہیں ۔ لیکن انسان بیان نہیں کر سکتا ۔ پہلا سب سے بڑا فائدہ تو یہ ہے جو بیمار شفا نہیں پاتا

وہ اس کو لکھ کر گلے میں ڈالے۔ اگر سپہ سالار ہے۔ اس کو میدان جنگ میں اپنی پگڑی میں رکھے۔ وہ کبھی شکست نہیں کھاتا۔ اگر کسی کی کمائی میں برکت نہیں وہ اس کو اپنے پاس رکھے تو بے حد برکت ہوگی اگر کوئی انسان نوکری کی تلاش میں ہے اس کو نوکری نہیں ملتی و اس کو ساتھ لے جائے امید ہے کام ضرور ہوگا اگر کوئی انسان چا ہیں مخلوق کی نظر میں مقبول ہوں اپنے پاس رکھے یہ نقشہ کا بھی کا دیتا ہے۔ اس کے علاوہ اور بھی بہت سے فائدے ہیا۔ ہر ضرورت کے لئے اس کو استعمال کیا جاتا ہے :-

ترکیب: اس کو لکھنے کی شرط یہ ہے۔ پاک صاف ہو کر خوش کر یا نماز پہ بیٹھ کر اس کو لکھیں :-

نقش مبارک

۷۸۶

یہ ہے ....

مبارک		نقشہ نلہ ین
والسلم		صلہ سلبہ

نقش برائے بواسیر

اس نقش کو لکھ کر دائیں بازو پر باندھے اور اس کی برکت سے ب ختم ہو جائے گی۔ خواہ کسی قسم کی ہو۔ نقش اگلے صـ۶۳ پر ہے

Scanned by CamScanner

نقش مبارک یہ ہے

۷۸۶

یارحیم کل مکروہ و مکروب یارحیم
وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ محمد و آلہ
واصحابہ اجمعین ط

نقش بواسیر

یہ نقش خونی بواسیر کے لئے ہے۔ اس کو ہفتے کے روز فجر کی نماز کے بعد سورج نکلنے سے پہلے لکھا جاتا ہے۔ اور دائیں بازو پر باندھیں اور ترش مرچ قبض کرنے والی چیزیں استعمال نہ کریں۔ نقش مبارک یہ ہے

۷۸۶

۴۳۴	۴۲۷	۴۳۳
۴۲۹	۴۳۱	۴۳۲
۴۳۰	۴۳۵	۴۲۸

نقش برائے چوہے

بعض جگہ دیکھا گیا ہے۔ فصلوں کو چوہے لگ کر بہت نقصان کرتے ہیں۔ اسی طرح گھروں میں بھی ان کا یہی کام ہے۔ اس کے لئے عامل کو لازم ہے۔ اس نقش مبارک کو لکھیں۔ اور کھیت کے چاروں

کونوں میں نصف نصف فٹ گڑھا کھود کر اس کو مدفون کریں۔ اور پانچواں کھیت کے درمیان میں دفن کردیں انشاء اللہ اس کی برکت سے چوہے کھیت سے بھاگ جائیں گے

نقش یہ ہے

۷۸۶

۶	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴

نقش برائے بیماری حیوانات

بعض جگہ دیکھا گیا ہے۔ بہت سے حیوان بیماری کی وجہ سے مر جاتے ہیں۔ گئے ہی جادو کرنے سے مرجاتے ہیں۔ اس جگہ عامل کو لازم ہے۔ اس جگہ پہنچ کر نصف نصف فٹ حیوانوں کی جگہ نئی مٹی ڈالی جائے۔ اگر ڈال نہ سکیں تو بغیر نصف نصف فٹ مٹی وہاں سے دور پھینک دے اور نئے کیلے بنائے۔ نیچے کیلے کے چار پہلو (چوکور) ہوں۔ اور چاروں طرف ہر کیلے پہ اس نقش کو لکھا جائے۔ اور یہی ایک نقش ہر حیوان کے گلے میں ڈالا جائے۔

۷۸۶

نقش مبارک یہ ہے

یا نور	یا اللہ
یا مبین	یا حق

نقش برائے معمل گائے بھینس

جو گائے بھینس بیماری کی وجہ سے حمل گرا دیتی ہو تو عامل کو لازم ہے۔ اس نقش کو لکھ کر بھینس کے گلے میں ڈالیں لیکن شرط یہ ہے کہ نقش پانی میں بھیگنے نہ پائے۔ جب بھینس سونے کے قریب ہو تو اس نقش کو کھول ڈالیں۔ نقش مبارک یہ ہے

۷۸۶

لہٗ	مل فحوت	ولارض
ولارض	مل فحوت	لہٗ
لہٗ	مل فحوت	ولارض
ولارض	مل فحوت	لہٗ

نقش برائے زیادتی دودھ بھینس

اس نقش مبارک کو لکھ کر بھینس کے گلے میں ڈالے۔ اگر گھی بڑھانا ہو تو اس نقش کو لکھ کر جس برتن میں دودھ رڑکا جاتا ہے۔ اس برتن کے گلے میں باندھیں۔ نقش مبارک یہ ص ۹۶ پہ۔
اس آیت مبارک کو لکھیں اور بھینس کا نام بھی اس پہ لکھیں

Scanned by CamScanner

حبتب ہو ربہم فجالسہم من الصالحین ؕ

نقش برائے زیادتی و عدد جنس : یہ ہے۔

۷۸۶

امرہٖ	علیٰ	غالب	واللہ
ولٰکن	امرہٖ	علیٰ	غالب
اکثر	ولٰکن	امرہٖ	علیٰ
الناس	اکثر	ولٰکن	امرہٖ
لا یعلمون	الناس	اکثر	ولٰکن

نقش برائے جن

nahsh-

جہاں شبہ ہو کہ جن وغیرہ آنے کا خوف ہو اس نقش کو لکھ کر اس مکان کے اندر کہیں لگا دیں۔ نقش مبارک یہ ہے۔

اس نقش کو اصحاب کہف بھی لکھتے۔ ان کے نام سے ہی یہ نقش مشہور ہے

۷۸۶

الٰہی بحرمت۔ مکسلمینا کشفہ عطار سدح یونس کشفہ خط یونسی تبیونس یوانس تملیخا قطمیر

نقش برائے مینہ بند کرنا

جب معلوم ہو کہ برسات سے فصلوں اور مکانوں کو شدید نقصان پہنچیا ہو تو اس نقش کو لکھ کر ایک کونے میں دھاگہ باندھ کر سبز درخت پر اونچی جگہ لٹکا دیں تو جب یہ ہلے گا تو انشاء اللہ بارش رک جائے گی۔ لیکن شرط یہ ہے کہ تین سطروں میں دس دس بار ق لکھیں۔ اور چوتھی سطر پر گیارہ بار۔

نقش یہ ہے

۷۸۶

ق	ق	ق	ق	ق	ق	ق	ق	ق	ق	
ق	ق	ق	ق	ق	ق	ق	ق	ق	ق	
ق	ق	ق	ق	ق	ق	ق	ق	ق	ق	
ق	ق	ق	ق	ق	ق	ق	ق	ق	ق	ق

نقش برائے درد گلا

جب کسی مریض کے گلے میں شدید درد ہوتا ہو۔ اس نقش کو لکھ کر گلے میں باندھے۔ تو درد جاتا رہے گا

نقش مبارک یہ ہے

۷۸۶

الا اللہ	الا اللہ
الا اللہ	
صمدوا کم فی المصح	

نقش برائے سر درد

اس نقش کو لکھ کر سر پر باندھیں۔ تو اس کی برکت سے سر درد چلا جائے گا۔ اور جو چھوٹا نقش ہے اس کو گھول کر تین بار دن میں استعمال کریں نقش ملزم یہ ہے۔

۷۸۶

پلانے والا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الم تر الی ربک کیف مد الظل ولو شاء لجعلنا
الشمس علیہ و سید من ذکرہ وھو
السمیع العظیم الشافی المعافی

نقش برائے سر درد دیگر

اس نقش کو لکھ کر سر باندھیں۔ امید ہے اس کی برکت سے سر درد چلا جائے گا۔ نقش یہ ہے

۷۸۶ ت ت ت ت	۷۸۶ ت ت ت ت	۷۸۶ ت ت ت ت	۷۸۶ ت ت ت ت
۷۸۶ ث ث ث ث	۷۸۶ ت ت ت ت	۷۸۶ ت ت ت ت	۷۸۶ ت ت ت ت
۷۸۶ ث ث ث ث	۷۸۶ ث ث ث ث	۷۸۶ ث ث ث ث	۷۸۶ ث ث ث ث

Scanned by CamScanner

نقش برائے قے بچہ

اس نقش کو لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالدیں تو امید ہے انشاء اللہ قے رک جائے گی۔

نقش یہ ہے . . . .

[illegible]

۲۹۸	۳۰۵	۳۰۰
۳۰۳	۳۰۱	۲۹۹
۳۰۲	۲۹۷	۳۴۰

نقش برائے قے آدمی

اس نقش کو لکھ کر قے والے مریض کے گلے میں ڈالیں۔ اس کی برکت سے قے رک جائے گی۔

نقش یہ ہے

۷۸۶

ہ	ہ	ب	ض
ی	ب	ا	ق
ا	ق	ی	ب
ب	ض	ق	ا
۷۵	۲	۲	۲۲۶
۳۵۲	۳	۳۰۱	۱۵۰
۳۷۶			۳۲۷

نقش برائے رہائی قید

جو انسان مدت سے قید ہو۔ عامل کو لازم ہے کہ اس تعویذ کو لکھ کر قیدی کے دائیں بازو پر باندھے اور آیت کریمہ پڑھنے کی ہدایت کی جائے تو امید ہے ایک ماہ کے درمیان رہا ہو گا۔ آیت مبارکہ قبر ان محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

نقش مبارک یہ ہے

۷۸۶

قبر ان سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

نقش خواب میں نہ ڈرے

جو کوئی خواب میں ڈرتا ہے اور طرح طرح کی پریشانی دیکھتا ہے تو اس نقش کو لکھ کر اس کے گلے میں ڈال دیا جائے۔ اور آیۃ الکرسی پڑھنے کی مریض کو ہدایت کی جائے تو امید ہے۔ انشاء اللہ اس سے صحت ہو گی:۔

نقش مبارک صفحہ اگلے پر ہے

Scanned by CamScanner

نقش یہ ہے:

۷۸۶

نعوذ بکلمات اللہ وصل اللہ غضبہ وعقابہ وشر عبادہ وہمزات الشیاطین وما یحضرون وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ وآلہ واصحابہ اجمعین۔

نقش برائے طحال

جس مریض کو تلی کی مرض ہو اور تلی بہت بڑھ چکی ہو یہ مریض پریشان اور حیران ہو تو اس نقش کو لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالا جائے اور بکرے کی تین ہڈیاں لیکر ان کو اتوار کے دن لیکر پڑھ کر ایک کاٹی کی زمین جگہ سے کاٹا جائے تو امید ہے انشاءاللہ تلی ختم ہوگی۔
نقش مبارک یہ ہے:

۷۸۶

ان اللہ یمسک السموات والارض ان تزولا ولئن زالتا ان امسکہما من احد من بعدہ انہ کان حلیما غفورا یا ساکن بحق اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

Scanned by CamScanner

نقش جریان الرحم

۷۸۶

صمد	بکم	عمی	فہم	لا یرجعون
۱۳۰	۶۱۲	۱۲۰	۱۲۵	۳۲۹
صم	بکسمد	عمی	فہم	لا یرجعون
۱۳۰	۶۲	۱۲۰	۱۲۵	۳۳۹
۲۷۱	۲۶۵	۲۷۰	۲۶۷	۲۶۶
صمد	بکسمد	عمی	فہم	لا یرجعون
۱۳۰	۶۱	۱۲۰	۱۲۵	۳۳۹
۲۷۱	۲۲۷	۲۷۳	۳۰۴	۲۰۲
صمد	بکسمد	عمی	فہم	لا یرجعون
۱۳۰	۶۲	۱۲۰	۱۲۵	۳۳۹
۲۶۸	۲۷۳	۲۲۶	۲۶۵	۲۰۱
صمد	بکم	عمی	فہم	لا یرجعون
۱۳۰	۶۲	۱۲۰	۱۲۵	۳۲۵
۲۶۸	۲۷۳	۲۲۶	۲۰۲	۲۶۵
صمد	بکسمد	عمی	فہم	لا یرجعون
۱۳۰	۶۲	۱۲۰	۱۲۵	۳۳۹
۲۶۸	۲۷۳	۲۲۶	۲۰۲	۲۶۵

نقش جریان الرحم: مندرجہ بالا نقش جب عورت [illegible] الرحم کی [illegible] پانی [illegible] سے ہو [illegible]

بڑھ گئی ہو۔ تو اس نقش کو لکھا جائے۔ اور پہلے خانہ پر عورت کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھیں اور آخر میں خانہ نمبر ۲۰ پہ عورت کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھیں۔ پھر نقش کو گلے میں ڈال دیں۔ اور صحت ہونے پر کھول دیں

نقش برائے نظر بد

حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں میں نے رسول خدا سے سنا کہ بعض انسان ایسے ہوتے ہیں جن کو جن کی نظریں ملی ہوتی ہیں جب وہ کسی کو دیکھتے ہیں تو فوراً نظر لگ جاتی ہے۔ مریض پریشان ہو جاتا ہے۔ چاہیے کہ اس نقش کو لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں
نقش مبارک یہ ہے۔۔۔

۷۸۶

اعوذ بکلمات اللہ التامات
من کل شیطان وسوسہ
ومن کل عین لماۃ

نقش برائے سفر

اگر کسی شخص کو راستہ میں چلنے سے تھکاوٹ معلوم ہو تو اس نقش کو لکھ کر کمر پر باندھے تو امید ہے انشاء اللہ تھکاوٹ نہیں ہوگی۔
نقش یہ ہے۔۔۔

۷۸۶

۷۹۹	۷۹۷	۷۱۶	۷۹۹
۱۴	۱۱	۸	۱
۷	۲	۱۳	۱۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۵	۱۰	۱۵

Scanned by CamScanner

بہتر ہوں۔ اگر بچے آتے تو بے نصیب ہیں۔ شرط یہ ہے اس نقش کو زعفران سے لکھیں اور اس کے چاروں کونوں میں یا برحق یا حق یا باسط لکھیں

۷۸۶

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم			
ب	ا	س	ط
۱۹	۳۸	۳	۴۴
۴۲	۶	۵	۴۵

نقش برائے علاج امراض

جس مریض کو شفا نہ ہوتی ہو۔ تمام دوائیاں بے کار ہوں تو اس نقش کو لکھ کر دن میں تین دفعہ گھول کر پلائیں۔ اگر کوئی دریافت حال کرنا ہو تو دو ہزار بار درود شریف پڑھ کر سو رہے اور اس نقش کو لے کر سرہانے کے نیچے رکھ لیں۔ اگر کسی عورت کے ہاں لڑکا نہیں ہوتا۔ اس کو بھی لازم ہے کہ اس نقش کو لکھ کر اپنی کمر پر باندھے۔ تو انشاء اللہ اس کی برکت سے لڑکا ہی پیدا ہوگا۔ لیکن فلاں بن فلاں کی جگہ نام عورت اور اس کی والدہ کا نام لکھیں اور جس نے دریافت کرنا ہو وہ اپنا نام اپنی والدہ کا نام مریض اپنا نام اپنی والدہ کا نام لکھے۔

نقش مبارک یہ ہے۔۔۔۔۔۔

۷۸۶

۴	۱	۷	۲
۸			۶
	۳	۹	

نقش برائے بخار

یہ دونوں نقش کی خاصیت ایک ہی ہے۔ ان دونوں کے تین نقش لکھ کر
ایک تو مریض کے گلے میں ایک دائیں بازو پر ایک بائیں بازو پر باندھیں جب
سورج چڑھنے والا ہو دائیں ہاتھ والا گلے والا بائیں بازو میں بائیں بازو والا
دائیں بازو میں باندھیں پھر جب دوپہر ہو
تو پھر اسی طریق سے بدلیں۔ اور جب سورج
غروب ہونے والا ہو تو پھر اسی طریق سے
بدلیں تیسرے دن کے بعد دائیں بازو والا۔
مریض کو صبح گھول کر پلائیں۔ دوپہر کو گلے
والا۔ شام کو بائیں بازو والا گھول کر پلائیں
امید ہے انشاء اللہ صحت ہو گی۔

۷۸۶

ا	ع	ح
ب	ق	ج
د	ص	و
یا ب	یا حیّ	یا حیّ

۷۸۶

ا	ع	ج
ب	ق	ح
و	ص	د
یا حیّ	یا حیّ	یا حیّ

نقش برائے بخار

اکیلا نقش لکھ کر عرق گاؤ زبان میں
گھول کر تین دن پلایا جائے۔ تو صحت
ہو جاوے گی۔
نقش یہ ہے۔

یا حیُّ حین لا حیَّ
فی دیمومۃ ملکہ
وبقائہ یا حیّ

نقش برائے درد پسلی

اس کو ڈبہ بھی کہتے ہیں۔ اگر اس نقش کو لکھ کر درد کی جگہ باندھیں
اور سورۃ والفجر پڑھ کر دم کیا جائے۔ تو انشاء اللہ شفا ہوگی نقش یہ ہے

۷۸۶

ح	ا	د	۲	۹	۴
ج	۶	ز	۷	۵	۳
د	ط	ب	۶	۱	۸

نقش برائے مار گزیدہ

جب انسان کو دو چار مہینے یا سال کے بعد سانپ کاٹے تو اس نقش کو لکھ
کر گلے میں ڈالا جائے تو انشاء اللہ سانپ پھر ہرگز ضرر نہیں پہنچائیگا اور اس
یت سے سبزہ کو دم بھی کیا جاتا
ہے اور رومال سے زخم کو صاف
رتے رہیں۔
نقش مبارک یہ ہے......

۷۸۶

سَلَامٌ	عَلٰی نُوحٍ
فِی	الْعَالَمِیْنَ ط

نقش برائے تُتلی

TALE

تُتلی

اگر بچے کو تتلی ہے تو عامل کو لازم ہے
تعویذ کو چمچہ پر رکھ کر آگ پر رکھیں اور
اسی جگہ رکھیں اسی طرح تین اتوار کریں

۷۸۶

یفعل	بی	ملق
یحی	بی	یی
ملق		یفعل

Scanned by CamScanner

نقش برائے سواری

اگر کوئی گھوڑی گھوڑا چلنے سے اڑی کرتے ہوں تو اس نقش کو لکھ کر گلے میں ڈال دیں۔ تو انشاء اللہ گھوڑی گھوڑا چلنے لگیں گے نقش مبارک یہ ہے۔۔۔۔

۷۸۶

م	ت	ی	ن
۴۰	۴۰۰	۱۰	۵۰
۴۰۰	۱۰	۵۰	۴۰
۱۰	۵۰	۴۰	۴۰۰
۵۰	۴۰	۴۰۰	۱۰۰

نقش برائے طاعون

جب طاعون کی بیماری پھیلتی ہے تو اس مرض میں بہت سے لوگ موت کا شکار ہو جاتے ہیں۔ تو عامل کو چاہیئے کہ وہاں سورۃ تغابن بلند آواز سے تلاوت کرے۔ اگر تمام گاؤں میں یہ مرض پھیلی ہوئی ہو تو گاؤں کی گلیوں میں اس سورہ کو بلند آواز سے پڑھا جائے۔ اور اس نقش کو گھر میں گلے میں ڈال لیں نقش مبارک یہ ہے

۷۸۶

ب	ط	ح
د	ط	ح
و	د	ح

نقش برائے چیچک

جب چیچک کی مرض پھیلتی ہے تو اگر کوئی چاہے کہ میں اس مرض سے محفوظ رہوں۔ تو وہ اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے انشاء اللہ

Scanned by CamScanner

مریض کے گلے میں ڈال دے
چیچک ختم ہو جائے گی۔
نقش یہ ہے . . . . .

۷۸۶

۸	۱	۱۴	۱۱
۱۰	۱۵	۴	۵
۳	۶	۹	۱۶
۱۳	۱۲	۷	۲

نقش برائے سانپ

جس مریض کو سانپ نے کاٹا ہو تو وہ اس آیت کو پڑھتا جائے اور رومال سے جگہ کو صاف کرتا جائے تو امید ہے زیادہ سے زیادہ چالیس بار پڑھنے سے مریض کو صحت حاصل ہوگی۔ اور اس نقش کو لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں اور اگر کسی مکان میں سانپ یا بچھو رہتے ہوں تو اس نقش کو لکھ کر ایک ایک نقش مکان کے ہر کونے میں موم لپیٹ کر دفن کریں۔ انشاء اللہ اس نقش کی برکت سے مکان سانپ اور بچھو سے محفوظ رہے گا۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	سلام علی نوح فی العالمین	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
سلام قولا من رب الرحیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	سلام علی نوح فی العالمین
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نقش برائے فتح نامہ

عامل کو لازم ہے اس نقش کو بہت سوچ سمجھ کر لکھے اگر اس کو خواہ مخواہ لکھا جائے تو فائدہ کی بجائے الٹا نقصان ہو جاتا ہے۔ اس کو صرف اس

Scanned by CamScanner

خاطر کیا جاتا ہے۔ کہ میں دنیا کی نظروں میں مقبول ہو جاؤں اس کو کسی دشمنی کی بنا پر استعمال نہیں کیا جاسکتا صرف اپنے فائدے کے لئے اس کو لکھنا ضروری ہو تو اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھے تمام دنیا کی نظر میں مقبول ہوگا اور جن بھوت سے بھی محفوظ رہے گا۔ نقش مبارک یہ ہے

۷۸۶

۸۳	۹۶	۹۳	۸۹
۹۴	۸۸	۸۳	۹۵
۸۷	۹۱	۹۸	۸۴
۹۷	۸۵	۸۹	۹۲

نقش برائے خارش

۷۸۶

عامل کو لازم ہے جس مریض کو خارش نکلے اس نقش کو فجر کی نماز کے بعد لکھے۔ اور مریض کے گلے میں ڈالدے تو اس نقش کی برکت سے تمام عمر خارش نہیں نکلتی۔ نقش یہ ہے

صہ	لعہ	ط	۳
ا	سے	سع	ح
دالی	من	ین	۲
ے	ے	بسط	ے

نقش برائے بچے کے ذہن کی کمی

جو بچہ پڑھنے سے گھبراتا ہو اور زبان بالکل ہی کام نہیں کرتی اور نہ وہ پڑھنا ہی چاہتا ہے۔ اس آیت کو صبح شام پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کریں اور بچے کو کھلائیں۔ اسی طرح سات روز کریں۔ اور اس نقش کو لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں۔ نقش صفحہ ۸۲ پر ہے۔

نقش مبارک یہ ہے:

۷۸۶

ن	والقلم	وما	یسطرون
والقلم	وما	یسطرون	ن
وما	یسطرون	ن	والقلم
یسطرون	ن	والقلم	وما
ن	والقلم	وما	یسطرون

نقش برائے حمل

اگر کسی عورت کا حمل دوسرے تیسرے یا چوتھے ماہ میں گر جاتا ہو تو اس نقش کو لکھ کر گلے میں ڈالیں یا کمر میں باندھیں۔ تو انشاء اللہ یہ مرض جاتی رہیگی۔ لیکن کچھ مدنی علاج بھی ہونا چاہیئے۔ نقش یہ ہے ....

۷۸۶

الٰہی بحرمت عبدالکریم فرج

کریم

یا حیّ　　یا　　قیّوم

یا قائم　　یا دائم

الٰہی بحرمت عبدالکریم فرج

اگر کوئی شخص کسی کو ناحق ستاتا ہو یا مجبور کرتا ہو تو عامل کو لازم ہے کہ اس نقش کو خود سے لکھے اور خالی خانوں میں اس آدمی کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھیں اور معمولی سی سکے کی تیزی سے کر اس میں بند کریں اور چولہے کے نیچے نصف فٹ گڑھا کھود کر دفن کریں لیکن یہ یاد رہنا ضروری ہے کہ نقش جل نہ جائے۔ کہ کسی ظالم حاکم کو مہربان

بنانا ہو۔ تو اسی ترکیب سے ہی عمل کریں۔ امید ہے کہ وہ بھی تابع
بن جائے گا۔ لیکن شرط یہ ہے کہ اس کو کسی ناجائز جگہ استعمال
نہ کیا جائے ورنہ اس کا اثر الٹ ہوتا ہے۔

۷۸۶

بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم	
اللہ	الرحمٰن	الرحیم		بسم
الرحمٰن	الرحیم		بسم	اللہ
الرحیم		بسم	اللہ	الرحمٰن
	بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم

نقش برائے جن

اگر کسی کو جن کا سایہ ہو تو اس نقش کو لکھ کر اس کی تین بتیاں بنائیں۔ ہر نقش کی بتی پر سرخ کپڑا لپیٹ لیں۔ جب مریض کو جن کا دورہ ہو۔ اس بتی کو آگ لگا کر مریض کے ناک میں اس کا دھواں پہنچائیں نقش مبارک یہ ہے

۷۸۶

فرعون	قارون	ہامان	شیطان
نمرود	شداد	عدسو	بیداد
ہامان	بے ایمان	ابلیس	عل ملین
نمرود	بیداد	توعین	تواجیو

نقش برائے جن ۲

اگر کسی مکان یا کسی شخص پر جن کا سایہ ہو تو اس نقش کو ہرانی چمڑے کی ٹاکی پر لکھیں۔ اور مکان کی بیرونی دیوار پر لٹکا دیں۔ اگر کسی انسان کو سایہ ہو تو چمڑے کی ٹاکی پر لکھ لیں اور کسی برتن میں آگ رکھ کر اس کا دھواں مریض کے ناک میں پہنچائیں۔ جب مریض کو دورہ پڑے تو اسی طرح ناک میں دھواں پہنچایا جائے

فرعون	
نمرود	ہامان
شداد	قارون
شیطان الرجیم	عو عو عو

نقش سورۃ یٰسین

اس نقش کے فائدے تو بے شمار ہیں۔ سورۃ یٰسین کو قرآن پاک کا دل بھی کہتے ہیں۔ اس کے عدد ۔۔۔ ہیں اس نقش کو اس ترتیب سے لکھا جاتا ہے۔ جو ترتیب پیچھے بتائی گئی ہے۔ یعنی ایک سے چار پر ختم اور پانچ سے آٹھ پر اور آٹھ سے بارہ پر اور بارہ سے سولہ پر ختم کریں۔ اگر کوئی آدمی چاہتا ہو کہ میں دنیا کی نظر میں مقبول ہو

تو اس نقش کو لکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھیں - اگر کوئی میدان جنگ میں ہے اس کو اپنی پگڑی یا ٹوپی میں رکھے - اگر کوئی کسی جگہ سے کام لینے جاتا ہے تو اس نقش کو ساتھ لے جائے - اگر کوئی بیمار ہے تو اس کو زعفران سے لکھ کر تین دفعہ دن میں گھول کر پینے سے صحت حاصل ہوتی ہے - اگر کسی مریض کو ہیضہ کی مرض ہے تو اس کا دل آیت "سَلَامٌ قَوْلًا مِّن رَّبٍّ الرَّحِيمِ" کالی مرچ پر ایک سو مرتبہ پڑھ کر دم کرے پھر اس مرچ کو کوٹ کر پانی کے ساتھ استعمال کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ صحت نصیب ہوگی - اور بھی فوائد اس کے بے شمار ہیں - نقش مبارک یہ ہے

۷۸۶

۴۴۰۰۰	۴۴۰۰۰	۴۴۰۰	۴۴۰۰۰
۴۴۰۰۰	۴۴۰۰۱	۴۴۰۰	۴۴۰۰۰
۴۴۰۰۰	۴۴۰۰۰	۴۴۰۰۰	۴۴۰۰۰
۴۴۰۰۰	۴۴۰۰	۴۴۰۰۰	۴۴۰۰۰

دیگر نقش برائے جن

اگر کسی کو جنات کا سایہ ہو عامل کو لازم ہے اس نقش کو ترکیب سے لکھیں اور اس کا لکھنا بھی بالترتیب ہے ہر نقش کو ہندسوں کی ترتیب سے لکھا جاتا ہے - اور پوری ترتیب سے لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں تو امید ہے انشاء اللہ تعالیٰ جن کا سایہ دور ہو جائے گا - اگر کسی جگہ جن رہتا ہے - اور مال مویشی کو تنگ کرتا ہے اور گھر میں اینٹ روڑے بھی مارتا ہے - تو دو دو انچ کے پانچ کیل لیکر ہر کیل پر پانچ پانچ بار اس آیت کو پڑھیں اور ایک ایک کیل مکان

کے چاروں کونوں میں گاڑیں اور پانچویں کیل کو مشرقی دیوار کی چھت کے
قریب گاڑ دیں اور اس نقش کو لکھ کر دیوار پر لگائیں ۔ آیت مبارک یہ ہے
انھم یکیدون کیدا و اکید کیدا فمھل الکافرین امھلھم
رویدا

۷۸۶

۳۴۶	۳۳۹	۳۴۴
۳۴۱	۳۴۳	۳۴۵
۳۴۲	۳۴۷	۳۴۰

نقش مبارک یہ ہے

نقش برائے استخارہ

عامل کو لازم ہے اپنے سینے کو فارغ کرے کسی سے ذکر نہ کرے ۔ اور
امور حال ظاہر نہ کرے ۔ ورنہ دست غیب بند ہو جاتا ہے ۔ اگر اپنے
سینے کو فارغ کر کے بیٹھے اور سربیت رہے ۔ اور دوسرے شخص سے
اس کا سوال جواب بھی نہ کرے ۔ ہر بات غیب کی معلوم ہو جاتی ہے ۔
زکاۃ کا طریقہ یہ ہے ۔

اس کے زعفران سے ۱۹۲۱ نقش لکھے اور آٹے کی گولیاں بنا کر دریا
میں ڈالیں ۔ اس کی کوئی قید نہیں ہے ۔ جتنے آسانی سے لکھے جا سکیں
اتنے ہی لکھ لیں ۔ اگر دریا نزدیک نہ ہو تو ایسی جگہ کو مثالی دریا ٹھہرا
لیں جہاں مچھلیاں رہتی ہوں ۔ اگر روزانہ نہ ڈال سکیں تو پہلے تمام نقش
پورے کریں ۔ آخر ایک بار ہی تمام ڈال سکتا ہے ۔ اس کی کوئی قید
نہیں ۔ جب زکوٰۃ پوری ہو جائے تو ۱۴ نقش لکھیں ۔ تیرہ نقش تو
آٹے کی گولیاں بنا کر پانی میں ڈال دیں ۔ جب کوئی دریافت
حال کرنا ہو ۔ تو چودھویں نقش کو سرہانے کے نیچے رکھ کر سو جائے ۔
لباس پاک وصاف اور باوضو ہو کر سونا لازم ہے ۔ اسی رات کو

تمام حال معلوم ہو جائے گا۔ نقش مبارک یہ ہے

۷۸۶

۶۳۵	۶۳۹	۶۴۷
۶۳۶	۶۴۲	۶۴۱
۶۴۰	۶۳۸	۶۴۳

نقش برائے سوکھا بچہ

اگر کوئی بچہ اٹھرا کی وجہ سے سوکھ جائے تو عامل کو چاہیئے کہ اس نقش کو پاک صاف ہو کر لکھے اور بچے کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔ نقش مبارک یہ ہے

۷۸۶

بسم اللہ	الرحمٰن الرحیم	لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ	
اللہ الا	آمنا بالرسول	۱۱۲۵	امل ۱۰
۹۲	اللہ احد	۴	ع

نقش گمشدہ کو واپس بلانے کا

اگر کوئی شخص گم ہو جائے تو عامل کو لازم ہے اس نقش کو لکھے فلاں بن فلاں کی جگہ بھاگے ہوئے کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھیں پھر اس نقش کو سبز درخت پہ اونچی جگہ لٹکا دیں جب یہ ہوا سے ہلے گا تو بھاگا ہوا واپس آ جائے گا۔ نقش یہ ہے . . . .

۷۸۶

۱۹۱۲ ابسم اللہ بال ۱۲ اوسع اللہ
فلاں ابن فلاں

Scanned by CamScanner

نقش برائے حب

اگر کوئی عورت چاہے کہ اپنے مالک کو تابعدار بنالوں تو چاند کی شروع تاریخوں میں جمعہ مبارک کے دن جمعہ کے بعد غسل کرے تو پھر اس نقش کو زعفران سے لکھے۔ فلاں بن فلاں کی جگہ اپنا نام اپنی والدہ کا نام اپنے مالک کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھے پھر کسی چیز میں گولکر جو پہنے کے قابل ہو پہلے خود پہنے پھر اپنے مالک کو پہنائے اس کی برکت سے وہ انشاءاللہ تابعدار ہے گا۔

نقش مبارک یہ ہے۔

۷۸۶

الہٰی الہٰی بحرمت جبرائیل و میکائیل
اللّٰھم اللّٰھم اللّٰھم بحرمت میکائیل و جبرائیل
الہٰی الہٰی بحرمت اسرافیل و عزرائیل
اللّٰھم اللّٰھم اللّٰھم بحرمت اسرافیل و عزرائیل
بحرمت جمیع انبیاء محمد صلی اللہ وآلہ وسلم
فلاں ابن فلاں فلاں بنت فلاں

نقش دیگر برائے حب

اس نقش کو بروز جمعرات ساعت مشتری، قمر یا زہرہ کی ساعتوں میں لکھے اور ان کا بخورات بھی جلائیں۔ اور فلاں بن فلاں کی جگہ نام مع والدہ کے نام کے لکھیں۔ اور پھر ان کی گزرگاہ میں اس کو دفن کریں۔ امید ہے انشاءاللہ بہت محبت کرے گا۔

۱۱	۱۹۸	۹۰	۱۱۱	عـــہ	عـــہ	۱۱۹	ط	۹	۱۱	و	۱۱۳	۱۱

فلاں بن فلاں علی حب فلاں بنت فلاں

Scanned by CamScanner

دیگر برائے حب

غوث پاک فرماتے ہیں۔ اگر کوئی کسی کی طلب میں مطلوب ہو تو نیت پاک ہو۔ طلوع شمس کے وقت اس نقش کو لکھے اور لکھ کر اپنے داہنی بازو پر باندھیں اور نیچے لکھے معہ ان کی والدہ کے دونوں کے نام لکھیں انشاء اللہ اس کی برکت سے مطلوب بے چین ہی رہیگا

۷۸۶

والف بين قلوبهم لو انفقت ما فى الارض جميعا
ما الفت بين قلوبهم ولكن الله الف
قدحه عقود الرحيم ومن الناس من
يتخذ من دون الله اندادا يحبونهم كحب
الله والذين امنوا اشد حبا لله

فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

دیگر برائے حب

اگر کوئی شخص کسی کو اپنی الفت میں دیوانہ بنانا چاہتا ہو اس نقش کو پاک صاف ہو کر لکھے۔ اور دونوں کے نام معہ والدہ کے نام کے لکھیں۔ اس نقش کو لکھ کر خوشبو اور تیل لگا کر آگ کے نیچے دبا دیں انشاء اللہ مطلوب تابعدار رہیگا۔

ود ۲ لرما ددد ۹۱۵ ولد ۱۳۳۱ ۵ ۱۱ د۵ ۳۵ اسواے ہالیک

فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

وردبرائے محبت

اگر کسی کو تابعدار بنانا چاہتا ہو تو وہ بعد نماز عشاء وتر پڑھ کر اپنے گرد حصار لگائے اور اول آخر درود شریف پڑھ کر یا لطیف یار اس لطف کو پڑھے۔ اسی طرح اکیس ۲۱ دن تک عمل جاری رکھے کسی چیز کے گھیرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ تو مطلوب اس کو دیکھتے ہی بیچین ہوگا۔ اس کے کپڑے دانت سے چبائیگا اور دیوانہ عاشق ہو جائے گا۔

ورد یہ ہے:۔ الف الف کرو۔ قل ھو اللہ طمن کر حاضر کرو۔ یا اللہ خیر

دیگر ورد برائے محبت

اُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ ط

اس آیت کو ایک ہزار تین سو ساٹھ بار بعد نماز پڑھا جاتا ہے۔ اور مطلوب کا نقشہ اپنی آنکھوں کے سامنے رکھے۔ یہ عمل پندرہ دن کیا جاتا ہے۔ اور تجربہ شدہ ہے۔

نقش برائے حب

اگر کوئی چاہے کسی کو اپنی محبت میں دیوانہ بنالیں تو اس نقش کو لکھ کر ایک چھوٹی سی کپی میں ڈالیں۔ خوشبو لگا کر سفید میں لپیٹ لیں۔ اور سفید دھاگے سے اس کپی کو بند کر کے کسی آگ کے نیچے دفن کریں جہاں اس کو

دیگر نقش برائے حب

اگر کوئی چاہے کہ میں کسی کو تابعدار بنا لوں۔ تو اس نقش کو پنجشنبہ کے دن لکھیں اور پھر مطلوب کے کپڑے میں لپیٹ کر اسکو جلائیں اسی طرح پانچ بار اس نقش کو لکھیں اور پنجشنبہ کے دن ہی لکھیں

۷۸۶

۱۸	۱۱	۸	۱۱	لا	۱۱۱	ھ
۴۴	۴	۴	۲	۴۱	۷	۸
۸۸	۸	۱۱	ع	۷۱	۱۸	۴

۴۴ ۹۹ ح ح ع ع ع ع ۱۰ ۲۲ فلاں بنت فلاں

نقش برائے بھینس

جو بھینس بچے کو دودھ نہیں پلاتی اور ویسے ہی دودھ دینے سے انکاری ہو تو عامل کو لازم ہے کہ با وضو ہو کر اس نقش کو لکھے اور نیچے بھینس کا نام بھی لکھے۔ پھر اس کے سینگ پر اس کو باندھ دے تو امید ہے انشاء اللہ ضرور دودھ دے گی۔

Scanned by CamScanner

۲۴	۸	۲۹
۵	۵	۹

نقش برائے گریہ اطفال

عامل کو لازم ہے کہ جو بچہ رات اور دن روتا ہی رہتا ہے اس نقش کو لکھ کر بچہ کے گلے میں ڈالیں۔ اور بچہ انشاء اللہ نہیں روئیگا

۷۸۶

۱۷	۳۴	۲	۷
۹	۳	۲۱	۲۰
۲۳	۱۲	۸	۱
۴	۵	۹	۲۳

نقش برائے کمزور بچہ

جو بچے بچپن ہی میں سوکھ جاتے ہیں تو اس کو مرض اٹھرا دیا سوکڑا کہا جاتا ہے۔ اس نقش کو شروع ماہ بعد نماز جمعہ کے زعفران سے لکھیں۔ اور بچے کے گلے میں ڈالیں اور ختم غوث پاک کا دلا کر شرینی بچوں میں تقسیم کریں اور سات دن تک اس بچہ کو وضو کے پانی سے نہلایا جائے۔ اگر آپ پانی نہ مل سکے تو دوسرے اور پانی پر سات سورۃ فاتحہ پڑھ کر سات روز تک نہلائیں۔ تو امید ہے انشاء اللہ شفا

ہوگی۔ نقش مبارک یہ ہے

۴۸۹

۱۴۷	۱۹۱۱	۳۵۱	۱۳۰
یاطبیب	یاحفیظ	یاسلام	یاشافی
۱۴۲	۱۴۳	۱۳۸	۵۵
۱۰۷	۳۹۹	۱۴۱	۱۱۵

نقش برائے شناخت حمل

۷۸۶

صح

من

حامل کو لازم ہے کہ اگر
شناخت کرنا ہو تو اسے نقش کو
کاغذ پر لکھ کر بازو پر باندھے اگر
اس کو پیشاب کی حاجت ہوئی تو
حمل ہے ورنہ نہیں
نقش یہ ہے

نقش برائے ظالم انسان

اگر کوئی کسی کو ظلم کی وجہ سے پریشان کرتا ہے تو سائل کو لازم ہے کہ چاند کی ۲۸ تاریخ کو دن کے بارہ بجے اس نقش کو لکھے اور نیچے اس کا نام معہ والدہ کے نام کے لکھے۔ اور پھر پرانی سی قبر میں آدھ فٹ گڑھا کھود کر اس کو دفن کر دے۔ امید ہے وہ ایک مہینے کے اندر اندر تباہ ہو جائے گا۔ نقش مثلث یہ ہے۔

عجیب نقش

اگر کوئی کسی کو ناحق ستاتا ہو اور طرح طرح کی تکلیف دیتا ہو۔ اور آپ میں طاقت مقابلے کی نہیں ہے۔ تو اس نقش کو پاک صاف ہو کر لکھیں تو اُمید ہے ان شاء اللہ نیست و نابود ہو جائے گا

۷۸۶

۱۵۸۹	۱۵۸۰	۱۵۸۷
۱۵۸۳	۱۵۸۹	۱۵۸۸
۱۵۸۱	۱۵۹۰	۱۵۸۲

ترکیب اس کی یہ ہے کہ ایک بکری کالی لائے۔ نر ہو یا مادہ اس دل کو حلال سے چیریں اس کے دو لخت یا دو حصے کر کے اس نقش کو لکھ کر ان دونوں کے درمیان رکھیں اور دونوں ٹکڑوں کو کالے کپڑے سے باندھ دیں پھر کڑوے تیل میں اس کو تر کریں اور کچھ تیل کسی برتن میں ڈال کر اس کو جلائیں۔ اور اس آیت کو ۷۰۰۰ مرتبہ پڑھیں۔ اور اس دل کو کسی سیخ سلائی سے باندھے رہیں اور اس آیت کو پڑھتے جائیں۔ یا اس سیخ کو اس دل کے اوپر آہستہ آہستہ پھیرتے رہیں۔ جب آیت مذکور کو ۷۰۰۰ مرتبہ پڑھ چکیں پھر اس دل کو تیل سے نکالیں اور کسی پہاڑ نالی یا ندی کی ریت یا پرانی قبر میں دفن کریں تو امید ہے۔ ان شاء اللہ ظالم ایک ماہ کے درمیان تباہ و برباد ہو گا۔ لیکن یہ عمل بہت سوچ کر کرنا چاہیے۔ خواہ مخواہ کرنے سے الٹا نقصان ہوتا ہے

آیت یہ ہے

لَیُنْبَذَنَّ فِی الْحُطَمَۃِ نَارُ اللّٰہِ الْمُوْقَدَۃُ الَّتِیْ تَطَّلِعُ
عَلَی الْاَفْئِدَۃِ

نقش برائے غیر مجلس

اگر کسی جگہ خواہ مخواہ مجلس بیٹھی ہو۔ اور ناجائز ہی کسی کو پریشان کیا جاتا ہو
تو عامل کو لازم ہے پاک صاف ہو کر آخر ماہ میں ایک کوری مٹی کی ٹھیکری پر
اس صورت کو لکھے۔ اور نیچے مجلس والوں کے نام بھی لکھے۔ اگر نامعلوم
ہوں تو پھر سورہ الم ترکیف کو اسی ترکیب سے لکھیں۔ جیسے آپ
کے سامنے لکھی ہوئی ہے۔ سورۃ کو لکھتے وقت بغیر زیر زبر کے ہی
لکھ کر نصف فٹ گڑھا کھود کر اس ٹھیکری کو دفن کریں۔ امید ہے
انشاء اللہ مجلس نہیں بیٹھے گی۔

۷۸۶

الم ترکیف فعل ربک باصحاب الفیل
الم یجعل کیدھم فی تضلیل وارسل
علیھم طیرا ابابیل ترمیھم بحجارۃ
من سجیل فجعلھم کعصف ماکول ٥

نقش برائے سگ دیوانہ

اگر کسی کو سگ دیوانہ کاٹ جائے۔ تو کمہار سے چاک کی مٹی لائے پھر
اس مٹی پر کلمہ تمجید پڑھ کر دم کرے اور پھر اس مٹی کے غلیلے بنالیں۔ پھر
وہ غلیلے نابالغ بچوں کے ہاتھ میں دیں اس کے بعد بچوں سے کہیں کہ
ایک ایک کرکے غلیلوں کو توڑیں امید ہے ان غلیلوں سے کتے کے

رنگ کے بال نکلیں گے۔ اس عمل کو تین دن جاری رکھیں پھر اس کے
بعد حضرت خواجہ اویس قرنی رضی اللہ عنہ کے نام کا حلوہ پر ختم دلائیں۔ حلوہ
تیار کرنے والا حضہ نہ استعمال کرتا ہو۔ تو پھر اس نقش کو لکھ کر پانی میں
گھول کر روزانہ پلائیں اور سوا مہینہ پلاتے رہیں۔ اور ایک نقش گلے
میں ڈالیں اور عرق کیلا پر ۴۱ بار سورۃ اخلاص یعنی قل ھو اللہ پڑھ
کر دم کریں۔ اول آخر درود شریف پڑھنا بھی لازمی ہے۔ اسی عرق
کو بھی سوا ماہ تک استعمال کریں۔ مریض کو پانی کے قریب نہ جانے
دیا جائے۔

	جبرائیلؑ	۷۸۶	بحق	
	۶	۱	۸	
	۷	۵	۳	
	۲	۹	۴	

نقش برائے اٹھرا

۷۸۶

اللہ	قل	اللہ
قل	اٹھرا	قاطع
اللہ	قل	اللہ

عامل کو لازم ہے اس نقش کو لکھے
اور چاندی میں بند کر کے گلے میں ڈالیں
دعا گو اتنا لمبا ہو جو ناف تک لٹکتا ہے
یہ حاملہ کے بچہ پیدا ہونے لگے تو اتار لیا جائے

نقش برائے استقرار حمل

عامل کو لازم ہے۔ اس نقش کو اطمینان سے لکھے اور مریض کے گلے میں ڈالے۔ اور دوسرا نقش ۹ عدد لکھے اور بکری کے دودھ میں گھول کر روزانہ ایک ایک نقش ۹ دن تک پلائیں۔ اسی طرح ۹ مہینے تک بکری کے دودھ میں گھول کر پلاتے رہیں انشاءاللہ مریض کو صحت ہوگی

گلے کا نقش یہ ہے

یا رب جبرائیلؑ	یا قیوم	یا رب میکائیلؑ
یا قیوم	یا قیوم	یا قیوم
یا رب اسرافیلؑ	یا قیوم	یا رب عزرائیلؑ

پلانے کے لیے نقش یہ ہے

[illegible]

یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ
یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ
یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ
	یا اللہ	

دھاگہ برائے اٹھرا

اٹھرا کے لئے ایک دھاگہ اس ترکیب سے کیا جاتا ہے کہ سات رنگ کا دھاگہ اکٹھے کر کے جس کے درمیان میں کوئی گانٹھ وغیرہ نہ ہو۔ مریضہ کے پاؤں کے ناخن سے لے کر سر کے بالوں تک لمبا ہو۔ مریضہ کو کھڑا کر کے ایڑیاں۔ پھر اس ترکیب سے دم کریں۔ اوّل آخر درود شریف پڑھیں۔ ایک

Scanned by CamScanner

سورۃ الم نشرح پڑھیں۔ سات مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھیں۔ دوسری گانٹھ دیں۔ پھونک مارتے وقت گانٹھ کی جگہ کو اپنے منہ میں لے کر کھینچیں۔ اسی ترکیب سے سات گانٹھیں اس دھاگے پر لگائیں پھر وہ دھاگہ مریضہ کی کمر میں باندھیں۔ ناف کے اوپر سے یہ دھاگہ وہاں تک بندھا رہے۔ پھر پیدائش بچہ کے بعد بچے کو غسل دے کر یہی دھاگہ بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ یہ دھاگہ بچے کے گلے میں سال تک رہیگا۔ اگر اس مدت میں اس دھاگے کا کوئی حصہ ٹوٹ جائے تو پھر اسی رنگ کے دھاگے اور باندھ دیں۔

لیکن میں نے باباجی صاحب سے سنا تھا۔ اس کی برکت سے اٹھرا کی مرض بالکل ہی ختم ہو جاتی ہے۔ دھاگہ پانی وغیرہ سے بھیگنے نہ پائے اس دھاگہ کو مریضہ ہر حال میں اپنے پاس ہی رکھے گی۔ اس دھاگے کو غسل کرتے وقت کھول لیا ہے بعد میں پھر باندھ لیا ہے۔ ورنہ نہیں چھوڑنا۔ ٹوٹکے وغیرہ کا کوئی پرہیز نہیں ہے۔

۷۸۶

اللہ		شافی
اللہ		کافی
اللہ		معافی

نقش برائے دانت درد: جب دانت کو درد ہو تو اس نقش کو لکھ کر دانت کے نیچے رکھیں: نقش یہ ہے۔

نقش برائے گلا: جب گلے میں سوزش پڑے اور درد ہو تو اس نقش کو لکھ کر گلے میں باندھے۔ انشاء اللہ صحت ہو گی۔ نقش یہ ہے۔۔۔

۷۸۶

الی	اللہ	ھو
مھرکم	فی	اللوح

چند سورتوں کی فضیلت

بسم اللہ شریف کی فضیلت

اگر کوئی انسان چاہے کہ میں دنیا کی نظروں میں مقبول ہوں۔ اور ہر طرح سے آزاد ہوں اور میری ہر مشکل آسان ہو جائے تو پاک و صاف کپڑے پہن کر اذان صبح سے پہلے تہجد کے نفل پڑھ کر بسم اللہ شریف ۲۵۰۰ مرتبہ پڑھے۔ اسی طرح اکیس دن تک متواتر پڑھتا رہے تو ہر مشکل آسان ہو جاتی ہے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ نہ جگہ کو بدلا جائے اور نہ ہی جائے نماز کو۔ صرف دو ہی کپڑے استعمال کرے گا۔ ایک چادر کمر میں باندھے اور ایک اوپر اوڑھے وہ چادریں سلی ہوئی نہ ہوں۔ اور اپنے گرد آیۃ الکرسی اور درود شریف پڑھ کر لکیر کھینچیں۔ اور کسی ڈرانے والی چیز سے گھبرانا نہیں۔ اس کے فائدے اور بھی بے شمار ہیں۔

فضیلت اذان

عامل کو لازم ہے۔ جب کسی بیماری کی وبا پھیلے تو گاؤں کے چاروں کونوں پر بلند آواز سے اذان پڑھے۔ اسی طرح سات دن تک عمل کیا جائے اگر کسی مکان میں جن اور آسیب کا سایہ ہو تو مکان کے چاروں کونوں پر اذان پڑھے۔ اسی طرح سات دن تک عمل کریں۔
اگر کسی انسان پر جن کا سایہ ہو تو ایک کان میں انگلی رکھ کر اذان پڑھ

کر پھونک ماریں۔ پھر دوسرے کان میں انگلی رکھ لیں اور دوسری طرف اذان پڑھ کر پھونک ماریں۔ اسی طرح سات دن یہ عمل رکھیں

اگر کسی گائے بھینس کو نظر کی شکایت ہو جائے تو اسی ترکیب سے دم کیا جاتا ہے:

اگر کوئی معصوم بچہ نظر یا اٹھرا کی بیماری میں مبتلا ہو تو اس کو بھی اسی ترکیب سے دم کریں۔

اگر کسی کا مال چوری ہو گیا ہو۔ اور چور کا بالکل ہی پتہ معلوم نہ ہو۔ تو جہاں سے مال چوری ہوا ہو۔ عامل کو لازم ہے وہاں پہنچکر سات مرتبہ بلند آواز سے آذان پڑھے۔ تو انشاء اللہ چور مال کو واپس لے کر آئے گا۔ اگر واپس نہ آیا تو پھر چند ہی دن کے بعد تمام حال معلوم ہو جائے گا۔ ہمارا یہ بارہا کا تجربہ شدہ ہے۔ اور یہ تمام عمل خود ہی کر چکا ہوں اور سب کے لئے ہماری طرف سے عام اجازت ہے۔ کسی قسم کا پرہیز نہیں اور نہ ہی کوئی شرط ہے۔

فضیلت سورۃ فاتحہ

اس سورت کو ام القرآن بھی کہتے ہیں۔ اس کے ایک پڑھنے سے سارے قرآن کا ثواب حاصل ہوتا ہے۔ اس کی سات آیتیں ہیں اور سات منزل قرآن کی ہیں۔ اس کے ۸۲۱۲ عدد ہیں جن کا نقش پر کرنا پیچھے درج کر چکا ہوں۔ اس کا ورد ہر مشکل کو آسان کرتا ہے۔

ترکیب یہ ہے: بعد نماز عشاء پاک صاف کپڑے پہن کر زندی کی کمی یا

قرضے کی ادائیگی کے لئے اوّل آخر درود شریف پڑھ کر ایک ہزار مرتبہ پڑھیں۔ اسی طرح اکتالیس دن تک ورد کیا جاتا۔

اگر کسی کے سر میں درد ہو تو عامل کو لازم ہے۔ کہ اس سورۃ کو پڑھے اور مریض کی پیشانی کو انگلی اور انگوٹھے سے پکڑ لے اور آہستہ آہستہ کھینچتے ہوئے جب انگلی اور انگوٹھا ملیں تو سورۃ سات مرتبہ پڑھی جائے۔

اگر کسی کے پیٹ میں درد ہو۔ تو پھر بھی اسی ترکیب سے دم کیا جاتا ہے۔

اگر کوئی شخص بھاگ گیا ہو۔ اور اس کا پتہ بالکل ہی معلوم نہ ہو۔ تو اس سورۃ کو بعد از نماز عشاء ایک سو ایک بار پڑھیں جب لفظ "صراط الذین" آئے تو بھاگے ہوئے اور اس کی والدہ کا نام لے۔ اسی ترکیب سے پندرہ دن تک عمل کریں۔ تو امید ہے۔ بھاگا ہوا واپس آجائے گا۔

اگر کسی کا گھی نہیں نکلتا تو عامل کو لازم ہے کہ چاول اور نمک لے۔ ان پہ گیارہ گیارہ مرتبہ اسی سورۃ کو پڑھ کر دم کرے۔ اور پھر وہ چاول صبح کو جب دودھ کا رھنے کے لئے رکھیں تو دودھ میں ڈالیں۔ اور نمک شام کو جب دودھ بھانے کے لئے رکھیں تو ڈالدیں۔

اگر کوئی بھینس دودھ ہی کم دیتی ہو۔ پھر گندم کے دانے لیں ان پر گیارہ مرتبہ اس سورۃ کو پڑھ کر دم کریں۔ تو جس برتن میں دودھ دوہتے ہیں۔ اس میں ڈالدیں۔ اسی ترکیب سے تمام برتنوں میں

بڑھتے جائیں۔ گھی اور دودھ بڑھتا جائے گا۔

اگر کسی بچہ کو اٹھرا، سوکڑا، پرچھائیں، جنات، مرگی، نظر بد یا کسی بھی مرض میں مبتلا ہو۔ اسی ترکیب سے سات دن تک عمل کریں۔ تو امید ہے۔ انشاء اللہ صحت نصیب ہوگی۔

اگر درد جگر، درد شکم ہو۔ تو اسی سورۃ کا نقش زعفران سے لکھیں۔ تو تو آہیں پیات، ملکوں یا سات کنوؤں کا پانی ملا لیں۔ اسی ترکیب سے اس پانی پر دم کریں۔ تو مریض کو متواتر اکتالیس ۴۱ دن تک پلائیں۔ امید ہے انشاء اللہ صحت نصیب ہوگی۔

اگر کسی عورت کو اٹھرا، جنات، اسقاط حمل، ایسی امراض موجود ہوں تو سات درختوں کے چند چند پتے توڑ لیں۔ اسی ترکیب سے ان کو دم کر لیں۔ تو منگل یا اتوار کے دن مریضہ ان پتوں کو ابال کر غسل کرے۔ تو امید ہے۔ انشاء اللہ ان مرضوں سے شفا ہوگی۔

اور ہر مرض کے لئے اسی ترکیب سے دم کئے جاتے ہیں۔

ہماری ہر عامل کو عام اجازت ہے۔

فضیلت آیۃ الکرسی

آیۃ الکرسی سپارہ نمبر ۳ رکوع نمبر ۲ میں درج ہے۔ ابلیس تین دفعہ اپنی زندگی میں سخت رو دیا ہے۔ ایک تو جب رسول پاک کا ظہور ہوا۔ دوسری دفعہ جب سورۃ فاتحہ نازل ہوئی اور تیسری بار جب آیۃ الکرسی اتری تو ابلیس سمندر میں بہت دیر

ورد لگا کر جیب رہا۔ اس کا خاص قبیلہ باہر ہوتا رہا۔ جب
وہ مدت کے بعد سمندر سے باہر نکلا تو انہوں نے دریافت
کیا اسے بادشاہ سربراہ تھا اتنی دیر سمندر میں کیوں رہا۔ تو اس نے
کہا میں اس قسم سے ہوتا ہوں کہ اب رسول پاک کی امت
نے دوزخ میں نہیں جانا۔

ایک بار میں نے جناب بابا جی سے سنا تھا۔ کہ ایک یمن
کا سوداگر تھا۔ وہ آیۃ الکرسی کا عامل بھی تھا۔ ایک دفعہ وہ سوداگری
کے لئے بصرہ میں پہنچا۔ تو مکان کے لئے بہت تلاش کی۔ لیکن اس کو
کوئی مکان نہ ملا۔ آخر ایک مکان دیکھا جو بہت بڑا اور ویران پڑا
تھا۔ اس نے مالک مکان سے وہ مکان کرائے پر طلب کیا۔ تو
مالک مکان نے کہا آپ یہ مکان نہ لیں۔ کیونکہ تو اس مکان میں
ایک جن رہتا ہے۔ وہ اس مکان میں رہنے والوں کو مار ڈالتا ہے۔
تو سوداگر نے کہا کہ مجھے یہ مکان ضرور دے دو۔ مجھے اس جن کا
کوئی خطرہ نہیں ہے۔ لیکن مالک مکان نے اسے دوبارہ نصیحت
کی کہ آپ اس خیال سے باز آئیں اور اپنی جان کو ضائع نہ کرو۔ تاہم
سوداگر نے کہا۔ میں نے ضرور یہ مکان لینا ہے۔ آخر کار سوداگر نے
مکان لے لیا۔ اور اپنا سامان رکھوا دیا۔ جب عشاء کے بعد وہ نماز
پڑھ کر سونے کے لئے تیار ہوا تو دیکھا کہ ایک بہت بڑا جن ڈراؤنی
شکل کا دوڑتا ہوا آرہا ہے۔ لیکن سوداگر سمجھ گیا کہ یہ وہی جن ہے
جو اس مکان میں رہتا ہے۔ تو آیۃ الکرسی کو پڑھنا شروع کیا
تو چند بار کے پڑھنے سے وہ جن نظروں سے غائب ہو گیا۔

Scanned by CamScanner

جب صبح کو سوداگر اٹھا۔ تو آنگن میں بہت بڑا خاک کا ڈھیر نظر آیا۔
اور سوداگر نے اپنے دوستوں سے کہا۔ کہ جن آیۃ الکرسی کی برکت
سے جل کر خاک ہو گیا۔ اسی طرح اس آیۃ الکرسی کے نادیدہ
بے شمار ہیں۔ لیکن شرط یہ ہے کہ اس عمل کا عامل ہونا ضروری
ہے۔ اس کا نقش بھی کارآمد ہے۔ جو نیچے درج ہو چکا ہے۔
اس کا نقش لکھ کر ایک بوتل میں ڈالیں اور اس بوتل میں سات
کنووں کا پانی ڈال دیں اور سات سات بار آیۃ الکرسی پڑھ کر اس کو دم
کیا جائے۔ حتیٰ کہ اس کو انچاس بار پڑھا جائے۔ اور پھر مریض کو اکتالیس
دن پینے کے لئے ہدایت کریں۔ درمیان میں ناغہ نہ ہو۔ امراض خرابی
جگر۔ درد شکم، اٹھرا، اور ڈبہ اور بھی کئی بیماریوں کے لئے کارآمد ہے۔
اگر کوئی گائے بھینس دودھ دینے سے انکاری کرتی ہو تو جس کو کہتے
ہیں کہ اس کو کسی کی نظر لگی ہوئی ہے۔ تو ایک آٹے کا پیڑا بنا کر اس کے
اوپر آیت الکرسی کو رکوع تک تین تین بار پڑھ کر دم کریں اور پھر گائے
بھینس سے وار کر اس کو کھلا دیں۔ تو امید ہے۔ انشاءاللہ نظر بد جاتی
رہے گی۔ اسی طرح اگر گھی اور دودھ کی کمی ہو تو عامل کو لازم ہے جکی کا
گلا جو پینے میں باقی رہ جاتا ہے۔ اس کو لاکر اسی کے اوپر بھی تین
تین بار آیۃ الکرسی پڑھیں۔ تو پھر اس کو دودھ والے برتن میں ڈال دیا جائے
اور ایک نقش اس کا لکھ کر مدھانی میں رکھ لیں۔ امید ہے انشاءاللہ اس
کی برکت سے گھی اور دودھ بڑھ جائے گا۔
اسی طرح اگر کسی مریض کے دانت میں درد ہو۔ یا عقوق، یا عفون
اسی قسم کا سبق زمین پر بتالیں چاقو یا چھری کو یا پر گاڑ دیں۔

اور آیۃ الکرسی پڑھنا شروع کرے اور ختم پر پھونک مارے۔ پھر چاقو کو اکھاڑ کر آخری ق کے سر پر چاقو گاڑ دے اور اسی طرح دم کرے۔ پھر چاقو اکھاڑ کر درمیان والے ق پر گاڑ دیں اور دم کریں۔ پھر مریض سے دریافت حال کریں۔ اگر درد باقی ہے تو پھر چاقو کو پہلی دفعہ آخری ق کے سر پر گاڑ دیں اور دم کریں اور دوسری دفعہ ع پر اور تیسری دفعہ درمیان والے ق پر۔ تو اسی طریقے سے دم کریں تو امید ہے۔ انشاء اللہ صحتیاب ہو جائے گا۔ یہ ہے عارضی طریقہ۔

مستقل طریقہ یہ ہے کہ اس سبق کو سفید کاغذ پر لکھیں اور سوکھی ہوئی لکڑی پر اس نقش کو رکھیں اور آیۃ الکرسی پڑھنی شروع کرے۔ تو پہلا کیل ع پر گاڑ دیں۔ دوسرا کیل آخری ق پر تیسرا کیل درمیان والے ق پر اور اسی طریقے سے دم کرے تو پھر مریض سے دریافت حال کریں اور اگر کچھ درد باقی ہے۔ تو تینوں کیل اکھاڑ لیں۔ پھر نیا ہی سبق لکھیں۔ تو پھر پہلا کیل آخری ق پر دوسرا کیل ع پر اور تیسرا کیل درمیان والے ق پر گاڑیں اور دم کریں۔ اور مریض سے دریافت حال کریں۔ تو امید ہے انشاء اللہ درد ختم ہو جائے گا۔ اور کیلوں کو اس لکڑی میں پختہ گاڑ دیں۔ امید ہے اس دانت کو چودہ سال تک درد نہ ہوگا۔ یہ ہمارا بار بار کا تجربہ ہے۔ اگر کیل اور چاقو موجود نہیں تو پھر عامل کو لازم ہے کہ مریض کے کپڑے کی ایک کنی پکڑ کر اور تھوڑا سا اوپر بھی پکڑ لیں۔ اور کپڑے کو دٹ چڑھائیں۔ اور آیۃ الکرسی کو پڑھنا شروع کرے اور ختم آیۃ الکرسی کے

Scanned by CamScanner

بعد ان الفاظ کو تین بار پڑھیں اور پھونک ماریں اور اسی ترکیب
سے تین پھونکیں ماریں تو پھر مریض سے دریافت حال کریں۔
اگر کچھ درد باقی ہے تو اسی طریقے سے دوبارہ دم کریں۔
اگر کوئی چاہے۔ کہ میں دنیا کی نظروں میں مقبول ہو
جاؤں اور ہر مرض سے محفوظ رہوں تو پاک صاف کپڑے پہن کر
بعد نماز عشاء جہاں بیٹھے وہاں روشنی نہ ہو۔ تو آپ اپنے
ارد گرد چاروں سے ایتہ الکرسی پڑھتا ہوا لکیر کھینچ لے تو چند
بار درود شریف پڑھ کر آیتہ الکرسی ہزار بار پڑھیں۔ اسی
طرح اکیس دن تک پڑھتا رہے تو امید ہے انشاء اللہ وہ
عامل دنیا کی نظروں میں مقبول ہو جائے گا۔ ہمارا بار
بار کا تجربہ ہے۔

فضیلت سورۃ یٰسین

فضیلت سورۃ یٰسین

بابا جی سے سنا ہے کہ ہر چیز کا دل ہوتا ہے۔ اور قرآن
پاک کا دل یٰسین ہے۔ اس کو ہر مشکل کے لئے پڑھنا۔
مشکل آسان ہو جاتی ہے۔ اس کے عدد ۴۴ ہزار ہیں۔
ان عددوں کا نقش پیچھے درج ہو چکا ہے۔ ہر بیماری کے
لئے اس نقش کو استعمال کیا جاتا ہے۔ فتح نامہ کے لئے

اس کا نقش درجہ اول ہوتا ہے۔ لیکن اس کو زعفران سے
لکھا جاتا ہے۔ اس کی زکوٰۃ اس طریقے سے ادا ہوتی ہے
بعد نماز عشاء پاک صاف کپڑے پہن کر سورۃ کو شروع کرے
اور پہلی مبین پر پہنچے تو پھر پیچھے سے شروع کرے۔ اسی طرح ہر مبین
پر پہنچ کر واپس آئے اور شروع کرے۔ اس میں سات مبین ہیں۔ اسی
سے سورۃ کو تین بار پڑھے۔ اور ۲۱ دن تک پڑھتا رہے۔ تو ہر مشکل آسان
ہو جاتی ہے۔ اور انسان عامل بن جاتا ہے۔ تو پھر اگر چوری دریافت
کرنی چاہے تو ایک لوٹا لے کر جن جن پر چوری کا شبہ ہو علیحدہ علیحدہ
کاغذ پر نام لکھیں اور باری باری لوٹے میں ڈالے اور یٰسین
پڑھنا شروع کرے۔ اور پہلی مبین پر ختم کرے۔ جب چور کا
نام لے گا تو لوٹا گھوم جائے گا۔ اگر ان ناموں میں چور نہیں
ہے۔ تو لوٹا نہیں گھومے گا۔ یہ تجربہ شدہ ہے۔ اگر کسی مریض کو
بخار ہر روز آتا ہو جس کو ضیع کا بخار کہتے ہیں تو کنواری لڑکی
کا کاتا ہوا سوت لے کر یٰسین پڑھنا شروع کرے اور ہر مبین پر
گانٹھ (گرہ) دیں اور ختم پر پھونک ماریں۔ تو پھر مریض کے گلے
میں ڈال دیں تو امید ہے۔ انشاء اللہ بخار جاتا رہے گا۔ اسی
طریقے سے واری کے بخار کا دھاگہ دم کیا جاتا ہے۔
اگر کوئی چاہے کہ اس کا دشمن ذلیل و خوار ہو۔ اور ظالم
حاکم کو مہربان بنانا چاہے۔ تو سات دانے دائی کے لے کر ہر دانے
پر سورۃ یاسین پڑھے۔ جب مبین پر پہنچے تو دشمن کا نام لے
اور ہر دانے پر ایک بار سورۃ پڑھی جائے۔ تو پھر ان دانوں

ان کے گھر میں یا ان کی گزرگاہ میں ڈال دیں۔

اگر کوئی چاہے کہ میں کسی کی زبان بندی کروں تو بعد نماز عشاء سورۃ یٰسین پڑھے۔ تو ہر مبین پہ زبان بندی والے کا نام لے اور اسی طرح تین بار سورۃ پڑھے تو امید ہے ایسا عمل تین دن تک عمل کرنے سے زبان بند ہو جاتی ہے۔ لیکن یہ شدید گناہ ہے۔

اسی طرح اگر کسی کو واپس بلانا ہو تو بعد نماز عشاء سورۃ یٰسین پڑھے تو ہر مبین پر بھاگے ہوئے کا نام لے اور اس کی والدہ کا نام۔ اور سورۃ کو تین بار پڑھے اور سات دن تک عمل کرے تو امید ہے انشاء اللہ بھاگا ہوا واپس آ جائے گا۔

اگر کوئی افسر اپنے افسر سے کام لینا چاہے تو سورۃ یٰسین کو بعد نماز عشاء پڑھنا شروع کرے۔ اور ہر مبین پر اس افسر کا نام لے اور اسی طرح تین بار سورۃ کو پڑھے۔ اور سات دن تک عمل کرے تو امید ہے انشاء اللہ وہ کام ہو جائے گا۔

فضیلت سورۃ الرحمٰن

یہ سورۃ پارہ ستائیس ۲۷ میں درج ہے۔ اس کے فائدے بھی [illegible] ہیں۔ اس کا نقش ابھی تک نہیں مل سکا۔ عامل کو لازم ہے کہ [illegible] کو آسان کرنا اس کا کام ہے۔ شام اور عشاء کے درمیان اس [illegible] تین بار پڑھنا اور ۲۱ روز تک عمل کرنا اس کی زکوٰۃ ادا ہوتی [illegible]

اور بہ شکل آسان ہو جاتی ہے۔ اگر کسی عورت کے ہاں لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہیں۔ تو عامل کو لازم ہے۔ کہ نیلے رنگ کا دھاگہ لے اور اس دھاگے کی سات تاریں جمع کریں۔ اور پھر مریضہ کے ناخن سے لے کر بال تک لمبا دھاگہ ناپ لیں اور اس سورۃ کو پڑھنا شروع کرے۔ جب فبای الاء ربکما تکذبٰن ٥ جب اس آیۃ تک پہنچے تو گانٹھ دے۔ یہ آیت اس سورۃ میں ۳۱ بار آئی ہے تو پھر ایک بار سورۃ پڑھ کر اس دھاگہ کو دم کرے۔ جب مریضہ ہو تو پھر اپنی کمر پر ناف کے اوپر سے باندھے اور نو ماہ تک باندھ رکھے۔ اور یہ دھاگہ پانی میں نہ بھیگے۔ جب لڑکے کی پیدائش ہو تو لڑکے کے گلے میں ڈال دیں۔ اسی طرح لڑکے کے گلے میں سات سال تک رہے۔

اگر کسی کو پھیروں کی مرض ہو تو عامل کو لازم ہے۔ سیاہ رنگ اون کا دھاگہ لے اور پھیروں کو گنے کہ کتنی تعداد ہے۔ اسی طرح ان الفاظ کی تعداد کریں کر سکتے ہیں اور ایک پھیرہ پہنچ ہوتے ہیں۔ اتنی تعداد پر گانٹھ دیں تو پھر دم کرکے مرٹھا کر مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ اگر کسی مریض کو چیچک نکل سکے۔ گو بڑی ہو یا چھوٹی تو عامل کو لازم ہے۔ جب سورج نکلے۔ سورج کی طرف منہ کرکے بیٹھ جائے اور سورت کو پڑھنا شروع کرے۔ تو نیلے دھاگے پہ دم کرے۔ اور اسی آیت پہ گانٹھ دیتا جائے۔ تو پھر ایک بار سورۃ پڑھ کر دم کرے اور جس مریض کو چیچک نکلے تو اس کے گلے میں ڈال دے۔ تو امید ہے انشاء اللہ چیچک

ختم ہو جائے گی۔

فضیلت سورۃ واقعہ

یہ سورت کمال درجہ رکھتی ہے۔ ہر مشکل کو آسان کرتی ہے۔ جب کوئی انسان کسی مشکل میں مبتلا ہو۔ تو اس کو اسی طریقے سے پڑھیں۔ فجر کی نماز کے بعد ایک دفعہ اور پھر بارہ بجے پھر شام اور مغرب کے درمیان اسی طرح اکیس دن تک عمل جاری رکھیں تو امید ہے۔ انشاء اللہ مصیبت آسان ہو جاتی ہے:-

فضیلت سورۃ تغابن

یہ سورت بھی کمال درجہ رکھتی ہے۔ سپارہ نمبر ۲۸ میں درج ہے جبکہ بیماری کی وبا پھیل جائے۔ طاعون، چیچک، ہیضہ اور بھی طرح طرح کی بیماریاں پھیل جاتی ہیں۔ تو عامل کو لازم ہے اس سورت کو با وضو ہو کر بلند آواز سے گاؤں کے اردگرد پڑھیں۔ یا گاؤں میں چلتا ہوا پڑھتا جائے یا حیوان کی بیماری کے لئے آیت الکرسی پڑھ کر حیوانوں کے اردگرد لکیر ماریں۔ کوئی حیوان لکیر سے باہر نہ جا سکے۔ جو لکیر سے باہر جائے۔ وہ خدا نخواستہ مر جائے گا۔ تو اسی سورت کو بلند آواز سے پڑھتا ہوا سات چکر لگائے۔ تو اس کی برکت سے ہر بیماری ٹل جاتی ہے:-

Scanned by CamScanner

فضیلت سورۃ مزمل

سپارہ ۲۹ میں درج ہے۔ ورد کرنے والا ہر مشکل کا [illegible] ہے۔
اس میں خدا تعالیٰ نے اپنے حبیب کریم سے اشارے کئے ہیں۔
اس [illegible] کو اس ترکیب سے ادا ہوتی ہے۔ بعد نماز عشاء اس کو
سات بار پڑھا جائے۔ اور ان آیتوں پر وقف کرنا لازم ہے۔ اس
ترتیب سے رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ
وَكِيلًا ۝ اس کو تین بار پڑھیں اور پھر آیت کو وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ
پانچ مرتبہ پڑھیں اور وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝
اس کو سات بار پڑھیں اور ۴۱ دن تک عمل جاری رکھیں۔ یہ ہر مشکل کو
آسان کرتی ہے۔ اگر کسی عورت کا حمل گر جاتا ہو۔ تو عامل کو لازم ہے
کنواری لڑکی کے ہاتھ کا کاتا ہوا دھاگا لے کر مریضہ کے پاؤں سے
لے کر سر کے بالوں تک ناپ لیں۔ تو ایک بار سورۃ پڑھ کر
گانٹھ دیں۔ اسی طرح سات گانٹھیں دیں۔ اور مریضہ کو کمر پر
باندھنے کی ہدایت کریں۔ پھر وہ نو مہینے تک باندھ چھوڑے۔
سونگھ وغیرہ کا کوئی پرہیز نہیں

اگر کسی بچے کو اکھڑا [illegible] کا نقص ہو۔ تو اس طریقہ سے
دھاگہ دم کیا جاتا ہے

Scanned by CamScanner

فضیلت سورۃ والشمس

یہ سورۃ سپارہ نمبر ۳۰ میں ہے جس عورت کا حمل گر جاتا ہو یا ہوتا ہی نہ ہو۔ تو عامل کو لازم ہے کہ ایک چھٹانک دیسی گھی ایک چھٹانک اجوائن اور ایک چھٹانک کالی مرچ لے کر ان پر اکیس ۲۱ بار پڑھ کر دم کرے۔ اور مریضہ تھوڑا تھوڑا روزانہ نو مہینے تک استعمال کرے۔ تو انشاءاللہ امید ہے صحت کاملہ نصیب ہو گی۔

فضیلت سورۃ والضحیٰ

اس کے بھی فائدے بے شمار ہیں اور اس میں نو ۹ کاف ہیں۔ جب کسی کو باری کا بخار ہو۔ تو کچا دھاگہ لے کر اس کے نو تار بنالیں۔ اور اس سورۃ کو پڑھنا شروع کریں۔ تو ہر کاف پہ گانٹھ دیں یعنی نو گانٹھیں دینا لازم ہے۔ تو پھر ایک بار سورۃ پڑھ کر اس دھاگے پر دم کریں۔ اور مریض کے گلے میں سورج نکلنے سے پہلے ڈال دیں۔ تو امید ہے انشاءاللہ وہی بخار ختم کرے گی

Scanned by CamScanner

فضیلت سورۃ تبت یدا ابی لہب

اس کے فائدے بھی بہت ہیں۔ یہ ابولہب کی ہلاکت کے لیے اللہ تعالیٰ نے نازل فرمائی تھی۔ اسی کی برکت سے ابولہب اور اس کی عورت ہلاک ہوئے تھے۔

اگر کوئی اسی طرح کسی کو ہلاک کرنا چاہے۔ تو بعد نماز عشاء چار رکعت نماز نفل کی نیت باندھے۔ تو بعد فاتحہ کے اس سورۃ کو ہر رکعت میں اکیس دفعہ پڑھیں۔ تو ختم نماز کے بعد ایک سو ایک بار اسی سورت کو پڑھ کر سواہ (یعنی راکھ) کو دم کرے۔ تو پھر دشمن کے گھر ڈال دے۔ اگر گھر میں نہ ڈال سکے وہاں سے بیٹھا ہوا ادھر منہ کر کے پھینک دے۔ اس عمل کو پانچ جمعرات کریں۔ لیکن یہ عمل جمعرات کی رات کو ہوتا ہے اور امید ہے۔ انشاء اللہ پانچ جمعرات کرنے سے دشمن ذلیل و خوار ہو جاتا ہے۔ ہمارا آزمودہ ہے۔ لیکن خواہ مخواہ اس عمل کو کرنا قریب کفر ہے۔ عمل کو بہت سوچ سمجھ کر کیا جائے۔

فضیلت سورۃ اخلاص

یہ سورۃ بھی کمال درجہ رکھتی ہے۔ اس کو تین بار پڑھنے سے

سارے قرآن کا ثواب ملتا ہے

اگر کسی عورت کا حمل گر جاتا ہو۔ تو عامل کو لازم ہے اس سورۃ کو اکیس بار پڑھ کر مریضہ کو گیارہ دن تک پانی پلائے تو امید ہے۔ انشاء اللہ یہ مرض جاتی رہے گی۔

اگر کسی کو دیوانے کتے نے کاٹا ہو۔ تو عامل کو لازم ہے کہ کچھ کا پانی لائے۔ اور اس سورۃ کو اکتالیس بار پڑھ کر دم کرے تو پھر مریض کو یہ پانی اکتالیس دن تک پلایا جائے۔ تو امید ہے انشاء اللہ مرض بالکل جاتی رہے گی۔

فضیلت چند ورد

ورد برائے حُب

اگر کوئی شخص کسی کے عشق میں مبتلا ہو تو اس کو لازم ہے شروع ماہ میں اتوار کے دن سورج نکلنے سے پہلے درخت ارنڈ کے پاس جائے تو ایک لکڑی توڑ دے۔ اور اس کو چھوٹی چھوٹی توڑ کر سائے میں خشک کرے۔ اور پھر اس کو ایک برتن میں ڈال کر جلائے۔ تو اس آیت کو ایک سو ایک بار پڑھ کر دم کرے۔ تو پھر تھوڑی خاک کسی میٹھی چیز میں ڈال کر اپنے ہاتھ سے مطلوب کو کھلا سکے۔ اگر دونوں میں جدائی ہو تو دونوں کو کھلائی جاتی ہے۔ سپارہ ۱ رکوع ۶۔ آیت مبارک

ہے
وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ط
اَبٰى وَاسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ط

وِرد بے فرمان اولاد کیلئے

بے فرمان اولاد یا لونڈی غلام کے لیئے لازم ہے۔ کہ اس آیت کو پڑھ کر دم کیا جائے۔ یا کسی چیز کو دم کرکے ان کو کھلایا جائے اسی طرح سات دن تک عمل کریں۔ تو انشاء اللہ اولاد تابعدار ہو گی۔ اسی ترکیب سے حیوانات کو بھی تابعدار بنایا جا سکتا ہے۔ آیت یہ ہے:
اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ خَيْرَهٗ وَخَيْرَ مَا جَبَلْتَهٗ عَلَيْهِ
اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهٖ وَشَرِّ مَا جَبَلْتَهٗ عَلَيْهِ ط

وِرد بھاگے ہوئے کو واپس بلانا

عامل کو لازم ہے۔ کہ بعد نماز عشاء سورت والضحیٰ کو ایک سو ایک بار پڑھیں۔ اور جب یہ الفاظ آئے تو بھاگے ہوئے کا نام اور اس کی والدہ کا نام لیں۔ واپس آ جائے گا۔ الفاظ یہ ہے۔ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى ؕ

ورد حلِ مشکلات

عامل کو لازم ہے۔ کہ بعد نماز عشاء اندھیرے میں بیٹھے
اور دونوں کپڑے پہنے۔ کہ وہ کپڑے سلے ہوئے بھی نہ ہوں۔ یا
صبح فجر کی آذان سے پیشتر اس ورد کو پڑھا جاتا ہے۔ ایک چھوٹے
سے برتن میں پانی قریب رکھ لیں۔ اور اس پانی کو ہاتھ سے
ہلاتے رہیں۔ اور اس سبق کو پڑھتے جائیں۔ جب ہزار
بار پورا ہو جائے۔ تو تھوڑا سا پانی دائیں طرف چھینکیں نمبر۲
اپنے سامنے کی طرف نمبر۳ اپنے بائیں طرف نمبر۴ اپنے پیچھے
کی طرف نمبر۵ آسمان کی طرف نمبر۶ زمین کے اندر نمبر۷
چہرے اور اپنے تمام وجود کے اوپر۔ باقی بچا ہوا پانی خود پی
لے اس عمل کو ۲۱ دن یا سترہ دن تک کیا جاتا ہے۔ کسی قسم
کا خوف خطرہ نہیں سبق مبارک یہ ہے:۔
"یا باسط"

دیگر وردِ حل مشکلات

عامل کو لازم ہے۔ جب کوئی انسان کسی مشکل میں مبتلا ہو۔
تو لازم ہے کہ بعد نماز عشاء جب لوگ سو رہیں۔ تو اندھیرے میں

Scanned by CamScanner

بیٹھ جائے - ایسا ہے اردگرد چاقو سے آیت الکرسی پڑھ کر لکیر کھینچے - اور دونوں کپڑے ہی استعمال کرے - جو بغیر سلائی کے ہوں - اور دن کو روزہ بھی رکھے - اور اس عمل کو سات دن تک کیا جائے - اور سبق صرف آیت کریمہ ہے - ایک ہزار بار کھڑے ہو کر پڑھیں - تو امید ہے - انشاء اللہ مشکل حل ہو جائے گی -

آیت کریمہ ہے - لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۔

وِرد برائے ہر مشکل

اگر کوئی انسان چاہے - کہ میں یہاں سے وہاں پر تبدیلی کرا لوں یا دشمن کو دوست بنا لوں یا کاروبار کو بڑھا لوں یا بڑھے ہوئے کاروبار کو وسیع کر لوں - یا کوئی عورت چاہے کہ میں اپنے مالک کے ظلم سے محفوظ رہوں - تو اس آیت مبارک کو ایک سو بار صبح وشام پڑھے - اگر اس کی زیادہ تعداد کرتا جائے - تو اسی ترکیب سے کام بھی زیادہ بڑھتا جائے گا -

آیت مبارک سورۃ توبہ کے آخر کی آیت ہے - یہ سورۃ دسویں سپارہ سے شروع ہوتی ہے - اور گیارہویں

سپارہ میں ختم ہوتی ہے:-
آیت مبارک یہ ہے: حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ط عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ط

ورد بھاگے ہوئے کو واپس بلانا

اگر کسی عورت کا مالک یا کوئی بھی اور لاپتہ ہو گیا ہو۔ تو اس کو لازم ہے۔ کہ اس کا صاف کاغذ پر نام لکھے اور اس کی والدہ کا۔ اسی طرح پانچ بار کاغذ پر لکھ کر اس کی بتی بنا لیں۔ اور اس بتی کو پیر کے دن صبح کو آگ لگا کر جلا دیں اسی طرح پانچ پیر وہ بتی جلاتی رہے۔ اور اس سبق مبارک کو پانچ سو بار روزانہ پڑھے۔ تو امید ہے انشاء اللہ بھاگا ہوا واپس آ جائے گا۔ اور کم تعداد تین سو بار پڑھا جاتا ہے۔ سبق مبارک یہ ہے:-
اَنْتَ رَبِّیْ کُلِّیْ تَحْقِیْقٌ ط نَجِّنِیْ مِنْ یَا اَلْحَقُّ لِمُفْتِیْنَ ط

دوسرا ورد

اس کی تعداد بھی پانچ سو بار ہے۔ اس ورد میں بتیاں نہیں جلائی جاتیں۔ اور اس کو بھی سوا ماہ تک پڑھا جاتا ہے۔ اور سبق مبارک یہ ہیں۔ اللّٰہ احد اللّٰہ الصمد ط

ورد نمبر ۳

اس کو اس ترکیب سے پڑھا جاتا ہے۔ کہ بعد نماز عشاء تین سو تینتیس ۳۳۳ بار اور ہر سو کے بعد بھاگے ہوئے کا نام لیا جاتا ہے۔ اور اس کی والدہ کا نام بھی۔ اس کو اکیس دن تک یا سترہ دن تک پڑھا جاتا ہے۔ سبق مبارک یہ ہیں:-

يَا آدَمُ مِنَ الْخَلَاقِ مَا بِيُ مِنْ أَعُوذُ مِنْدَ نَخُودُ كَوْدُ لَلُمَا شَلْ شَمْشَ ا

ورد دشمن کو دوست بنانا

(یا اس کو ذلیل و خوار کرنا)

حمل:- اس کو پڑھ کر اپنے دائیں طرف پھوک مارے۔ پھر آگے پھر بائیں طرف، پھر پیچھے، پھر آسمان کی طرف، پھر زمین کی طرف۔ اور آخر اپنے ہاتھوں پر پھوک مار کر جس کام کے لئے جائے تو کام ہو جائے گا۔

دوسرا طریقہ:- یہ بھی ہے۔ پہلی آیت کو پڑھ کر چھوٹی انگلی بند کرے۔ پھر تیسری، پھر چوتھی، پھر پانچویں جہاں پہ جاتا ہو۔ وہاں پہنچ کر ہاتھ کو کھول دے۔ اگر دشمنوں کو ذلیل و خوار کرنا ہو تو پھر اس آیت کو اس سو ایک بار بعد نماز عشاء پڑھا جاتا ہے۔ آیتیں یہ ہیں

صفحہ ۱۲۲ پہ

۱۔ اُنْصُرْنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ النَّاصِرِيْنَ ؕ
۲۔ وَافْتَحْ لَنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ الْفَاتِحِيْنَ ؕ
۳۔ وَاغْفِرْ لَنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ الْغَافِرِيْنَ ؕ
۴۔ وَارْحَمْنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ الرَّاحِمِيْنَ ؕ
۵۔ وَارْزُقْنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ ؕ
۶۔ وَاهْدِنَا وَنَجِّنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ؕ

مردے کو دیکھنا اور حال سے آگاہ ہونا

... چاہے - کہ میں اپنے فلاں مردہ کو دیکھ سکوں - اور اس کو ... سبب ہے - تو اس کو لازم ہے - کہ اس کی قبر ... - اور دائیں طرف بیٹھے کہ اس سبق کو ایک سو ایک بار پڑھے - پھر بائیں طرف، اور پھر دائیں پاؤں کی طرف پھر بائیں طرف - اسی طرح تین دن عمل جاری رکھیں تو مردہ اس کو خواب میں مل کر دریافت حال بتلائے گا - اگر اس کی قبر معلوم نہیں تو گھر میں چارپائی کو قبر تصور کر لے - اور پھر اسی ترکیب سے عمل کرے - لیکن گھر میں دو رکعت نفل پڑھنا ضروری ہے - اور فاتحہ کے بعد قل شریف پڑھنا لازم ہے - سبق مبارک یہ ہے :-

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نُوْرَ اللّٰهِ ؕ

ورد حمل کا نہ ہونا

اگر کسی عورت کو حمل نہ ہوتا ہو۔ تو اس کو لازمی ہے۔
کہ جمعرات کو مرد اور عورت دونوں روزہ رکھیں۔ اور دودھ
کی کھیر پکا کر اس کے اوپر سورۃ مزمل کو ۴۱ بار پڑھ کر چاولوں
کو دم کریں۔ تو ان چاولوں (کھیر) سے روزہ کھولیں۔ اور
پھر اسی رات کو ہمبستر ہوں۔ اگر کسی کو حیض آ جائے۔
تو پھر وہ سمجھ لیں کہ ہم نصیب ہیں۔ اگر کسی کو حیض نہ
آئے۔ تو پھر اس عمل کو تین ماہ کیا جائے۔ تو امید ہے
انشاء اللہ حمل برقرار رہے گا۔

ورد برائے قید سے رہائی

اگر کوئی انسان قید ہو گیا ہو یا کسی مشکل میں مبتلا ہو گیا
ہو۔ تو اس کو لازم ہے۔ اس آیت کو ایک سو گیارہ بار
صبح شام پڑھے۔ تو امید ہے انشاء اللہ ہر مشکل سے
نجات پائے گا۔ سبق مبارک یہ ہے۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى
وَنِعْمَ النَّصِيْرُ

ورد برائے بد نظر

اگر کسی کے مال کو یا کسی باغ یا کسی فصل کو نظر بد لگا اندیشہ ہو۔ تو اس سبق کو صرف گیارہ بار پڑھ کر دم کیا جائے۔ تو امید ہے۔ انشاء اللہ بد نظر سے محفوظ رہے گا۔ سبق مبارک یہ ہے۔

مَا شَآءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ؕ

ورد ظالم حاکم کو مہربان بنانا

اگر کسی کو ظالم حاکم کے روبرو پیش ہونا ہو تو جب گھر سے چلے۔ یا وہاں ہی پہنچ کر اس آیت مبارک کو پڑھ کر دائیں ہاتھ کی چھنگلی انگلی بند کرے۔ اور اسی طرح ایک بار پڑھ کر باری باری انگلیوں کو بند کرتا جائے۔ اور مٹھی زور سے بند کرے۔ اور جب اس کے سامنے ہو تو یکدم انگلیوں کو دشمن کی طرف کھول کر سلام کرے۔ امید ہے۔ انشاء اللہ اس کی برکت سے وہ حاکم مہربان ہو جائے گا۔

سبق مبارک (سپارہ ۱ رکوع آخری) یہ ہیں۔

فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ؕ

ورد برائے ہیضہ

جب کسی کو ہیضہ ہو جائے تو اس کو چاہیئے کہ سورت یٰسین کا ورد پڑھ کر پانی پہ دم کرے اور اس میں کالی مرچ اور نمک ڈال کر پی لیں۔
آیت یہ ہے ۔ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْمِ ۔

ورد برائے بواسیر

جس کو بواسیر ہو۔ اس کو چاہیئے۔ کہ صبح کی نماز سنتوں میں پہلی رکعت میں سورۃ اَلَمْ نَشْرَحْ اور دوسری رکعت میں سورۃ اَلَمْ تَرَ کَیْفَ پڑھے تو امید ہے یہ عمل کرنے سے بواسیر ختم ہو جاتی ہے۔

فضیلت دم

یہ دم آج تک کسی کتاب میں درج نہیں ہوئے اور بابا جی نے فرمایا کہ ہمارے خاندان میں سید شاہ ودلا ولی ہوئے ہیں وہ غوث پاک کے مرید تھے۔ انہوں نے یہ دونوں دم تجویز فرمائے۔ آج تک سینہ بسینہ ہم گنہگاروں تک پہنچے ہیں

تو میں خلق خدا کی بھلائی کے لئے اس کتاب میں درج کرتا ہوں۔
دونوں کی خاصیت ایک ہی ہے۔
اگر کسی کو سانپ بچھو، کیڑے، دیوانہ کتا یا اور کوئی موذی جانور
کاٹے تو بالکل درست ہے۔ اس دم کو اس ترکیب سے پڑھے۔
ایک بار پڑھے اور اپنی انگلی کو لب لگا کر اور تھوڑا سا کر اپنے
ہاتھ سے تربیک کھینچ لیں۔ یعنی کہ زہر خود کو اثر نہ کر سکے۔
پھر آگ یا تیل کی سرخی لے کر اس سے زخم کو جھاڑتا جائے
اور دم کرتا جائے تو امید ہے انشاء اللہ دس پندرہ منٹ دم
کرنے سے زہر تمام جسم سے خارج ہو کر زخم پر آ جائے
گا۔ پھر اسی طرح دم کر کے اپنی انگلی کو زخم کے اوپر یکدم
لگا دیں کہ زہر دوبارہ اوپر نہ جا سکے۔ اسی ترکیب سے
صبح و شام دم کیا جاتا ہے۔ اس کی برکت سے تمام
زہر ختم ہو جاتی ہے۔ ہمارا بار بار کا تجربہ ہے۔ اور حضرت
پاک نے بھی یہ ارشاد فرمایا ہے کہ ہمارے نانا پاک
اور ہمارے اللہ پاک کا ایسا نام کمال ہے۔ اس کو پڑھ کر
اگر مردے پر بھی دم کیا جائے تو امید ہے وہ بھی زندہ ہو
جاتا ہے۔ یہ بالکل ٹھیک ہے۔ میں ایسا تجربہ بار بار کر چکا
ہوں۔ دم مبارک یہ ہے:۔
بسم اللہ الرحمن الرحیم ط دھروئی خدا دی
دھروئی خدا دے رسول دی۔ دھروئی پیر مخدوم جہانی دی۔
دھروئی سلطان احمد کبیر۔ سر سو طلا ر السّتم ا بیتر کولاں بےخبر

ایک تار چھوٹے۔ جنجیر ٹوٹے کام ہوئے۔ اللہ پاک مہمان رسول کرے۔

دوسرا دم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ اول نام خدا کا دوسرا نام محمدؐ کا تیسرا نام محمد کا تیسرا نام چار یار چوتھا نام پیر دستگیر کا ہوا پیر دستگیر کا ۔ ہوا پیر دستگیر کا ۔ خدا تیرے زہر چڑھے اترے یا چڑھے ۔ بارہ ذات تیری ختمات ملکے کتے اگلے پہلے ٹوٹے ۔ ایویں چلے گویا پانی چلے ۔ گکھڑ میر ۔ دم دم میں سلطان سید احمد کبیر ستر سو بلا بسم بہتر کلا بے رنجیر

دم برائے جن

اگر کسی کو جن پری یا کسی اور چیز کا سایہ ہو ۔ تو عامل کو لازم ہے ۔ کہ رنجی کے چار کیل ایک ایک انچ کے بنائے کر ہر کیل پر اس سبق مبارک کو پچیس بار پڑھ کر دم کریں ۔ پھر وہ کیل مریض کی چار پائی کے سر پہ ایک ایک کیل ٹھوکا دیں تو امید ہے انشاء اللہ جن والا مریض اس چار پائی پر نہیں پڑے گا ۔ اگر پڑ گیا تو اونچی اونچی شور شروع کر دے گا ۔ تو بار بار یہی سبق پکارے گا ۔ ان کیلوں کو اکھاڑ

ڈالو میں جل رہا ہوں یا اس عامل کو بلاؤ۔ میں چلا جاتا ہوں۔ اگر ایسے الفاظ نہ پکارے تو آپ سمجھ لیں اس کو جن کا سایہ نہیں صرف کوئی اور مرض ہے۔ شرط یہ ہے اس چارپائی پر اور کوئی نہ پڑھے۔ ورنہ اسی کو جن کا سایہ ہو جائے گا۔

سبق مبارک یہ ہے:

یَا حَافِظُ یَا حَفِیْظُ یَا رَقِیْبُ یَا وَکِیْلُ ۞ یَا اللّٰہُ یَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ

دم برائے سانپ کا راستے میں ملنا

اگر راستے میں جاتے ہوئے سانپ ملے اور سانپ نے آپ کا راستہ روکا تو آپ کو لازم ہے۔ کہ اس سبق کو پڑھ کر کسی مٹی کی ڈھیلی پر تین دفعہ دم کرے اور سانپ کے سامنے ڈال دے اسی ترکیب سے تین ڈھیمیں سانپ کے سامنے ڈالیں۔ جب اس کی زبان بندی ہو جائے تو آپ سانپ کو بخوف ہاتھ سے پکڑ سکتے ہیں۔ دم یہ ہے۔

دم دم میں پیر محی الدین غوث قطب دین چار یار محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم۔ بسم اللہ اللہ اکبر اللہ اکبر

دم برائے ہر چیز کو بند کرنا

اگر کوئی چاہے۔ کہ میں کسی کی آگ باندھ دوں یا گھی باندھ دوں

یا کاروبار یا کسی اور چیز کو باندھ دینا ضروری ہو تو اس دم کو اس ترکیب سے پڑھیں۔ کہ سات دفعہ پڑھ کر تین دفعہ کسی پکی ڈوری کو دم کیا جائے۔ پھر وہاں ڈال دیں تو وہ چیز بندھ جائے گی۔ لیکن اس دم کی زکوٰۃ ادا کرنی بھی ضروری ہے۔ زکوٰۃ اس ترکیب سے ادا ہوتی ہے۔ بعد نماز عشاء ان دونوں دموں کو ایک ایک سو بار پڑھیں۔ اور اکتالیس دن تک وِرد جاری رکھیں۔ تو اس کی زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ ورنہ بغیر زکوٰۃ دم نامکمل ہے۔

دم یہ ہے:۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط زہرہ بند، تن بند۔ کامی بند۔ فی بند۔ جبرائیل بند، سر بند، عزرائیل بند، منتر موتیا بند بحق توریت موسیٰ علیہ السلام بند، بحق انجیل حضرت عیسیٰ علیہ السلام بند۔ بحق زبور حضرت داؤد علیہ السلام بند۔ بحق فرمان حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بند یا الٰہی بند یا الٰہی بند یا الٰہی بند۔ ان جنتروں، منتروں حاضرین بند، غائبین بند، بحکم خدا بند۔ ھید اسید خون موسیٰ بھٹی کوٹھی بند۔ با اجازت پیر استاد ہر چیز بند۔ اس کے بعد اگر پھر اس چیز کو خلاص کرنا ہو تو پھر اس دم کو اسی ترکیب سے پڑھ کر کسی پکی ڈوری پہ دم کریں۔ تو پھر اس چیز میں ڈال دیں۔ تو وہ خلاص ہو جائے گی۔

دم یہ ہے:۔ تن خلاصی۔ کامی خلاصی۔ فی خلاصی۔ جبرائیل خلاصی سر خلاصی، عزرائیل خلاصی، منتر موتیا خلاصی، پکڑ وڈا الٰہی خلاصی

نیز وہ جل خلاصی۔

دم برائے کاٹنے والا کُتا

اگر کوئی عامل راستہ میں جا رہا ہے۔ تو اس کا راستہ کسی ظالم کتے نے روک لیا اور اس سے خلاصی کے لیے عامل کو لازم ہے کہ اس سبق کو پڑھ کر اس کی طرف پھونک ملے یا کسی چیز کو دم کر کے اس کے سامنے ڈال دے۔ تو امید ہے۔ انشاء اللہ وہ راستہ چھوڑ دے گا۔ سبق مبارک یہ ہے اور بارہا کا ہمارا تجربہ شدہ ہے۔

فَلْيَضْحَكُوا قَلِيلًا وَّلْيَبْكُوا كَثِيرًا ط

دم برائے زہر باد

اگر کسی کو زہر باد نکلا ہو تو عامل کو لازم ہے کہ مریض کے پاس پہنچ جائے اور سورۃ قریش کو پڑھنا شروع کر دے جو سپارہ ۳۰ میں درج ہے۔ اس قسم کا زمین کے اوپر کسی لکڑی وغیرہ سے دائرہ بنا لے اور سورۃ تین بار پڑھ کر پھونک دے اور پھر دوسری بار دوسری طرف سے لکیر کھینچ کر دوسری طرف لے جائے۔ اور پھر تیسری دفعہ لکیر کھینچ کر دوسری طرف لگا دے۔ تو ہو بہو اس دائرہ کی شکل بنا لے۔ امید ہے صبح شام البا عمل کرنے سے زہر باد ختم ہو جائے گا۔ اگر عامل مریض کے پاس

پہنچ نہیں سکتا تو پاک مٹی کی نو ڈھیلیاں منگا لے۔ اور ہر ڈھیلی پر سورت انا اعطینک ایک بار پڑھ کر دم کرے تو پھر مریض کو ہدایت کی جائے۔ ایک ڈھیلی سے جتنی جگہ پر سوزش ہو۔ اسی قسم کا سوزش کے ارد گرد دائرہ بنائے پھر دوسری ڈھیلی سے اسی طرح کی لکیر کھینچے۔ پھر وہ تینوں ڈھیلیاں علیحدہ رکھ دے۔ پھر جب سورج شام کو اندر باہر ہو تو اسی ترکیب سے تینوں ڈھیلیاں استعمال کریں۔ اور پھر جب صبح کو سورج نکلنے والا ہو۔ تو اسی ترکیب سے باقی تین ڈھیلیاں استعمال کریں۔ امید ہے انشاء اللہ تین بار عمل کرنے سے زہر باد ختم ہو جاتا ہے۔ پھر استعمال کی ہوئی ڈھیلیاں پانی پاک میں ڈال دیں۔ اسی طرح لال باد پھوڑا پھنسی کو بھی دم کیا جاتا ہے۔

دم برائے مرگی

عامل کو لازم ہے۔ مریض کے پہنچ کر دیکھے کہ اس کو مرگی ہے۔ مرگی کے مریض کی حالت یہ ہوتی ہے۔ کہ منہ سے جھاگ نکلنا اور آنکھوں کا پلٹ جاتا۔ اور ہاتھ پاؤں کی انگلیاں مڑ جاتی ہیں۔ اگر منہ سے جھاگ نہیں آتی تو پھر مرگی نہیں ہے۔ اور ایک نقش لکھ کر جو پیچھے درج ہو چکا ہے۔ گلے میں ڈالیں اور اس سبق کو تین بار پڑھ کر دم کریں۔ تو امید ہے

انشاء اللہ مرگی کا دورہ ختم ہو جاتا ہے۔

دم مبارک یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ۔ کٓ۔ الٓمٓ۔ کٓھٰیٰعٓصٓ
طٰہٰ۔ حٰمٓ عٓسٓقٓ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ ط

دم برائے بچھو

حضرت خواجہ معین الدین چشتی فرماتے ہیں۔ اگر کسی مریض کو بچھو نے کاٹا ہو تو اس دم کو اس ترکیب سے پڑھے خود:
۲۰، ۱۹، ۱۸، ۱۷، ۱۶، ۱۵، ۱۴، ۱۳، ۱۲، ۱۱، ۱۰، ۹، ۸، ۷، ۶، ۵
۴، ۳، ۲، ۱

اگر کسی کو دم کرنا ہو تو پھر اس ترکیب سے اس کو دم کیا جاتا ہے کسی چیز کو لے کر اور دم کی جگہ کو صاف کرتا جائے۔ اور اسی سبق کو پڑھتا جائے۔ امید ہے چالیس دفعہ پڑھنے سے مریض کو صحت ہوگی سپارہ ۲۳ رکوع ۵ سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ ط

دم برائے بد ہضمی

اگر کسی کو بدہضمی ہو جائے۔ تو وہ اپنے پیٹ پر خود ہی ہاتھ پھیرتا جائے اور دم مبارک کو پڑھتا جائے۔ تو امید ہے انشاء اللہ بدہضمی ختم ہو جائے گی۔

Scanned by CamScanner

دم ہے۔ اَلعَبۡدُ اَلعَبۡدُ۔ اَلَّذِیۡ رَضِیَ اللّٰہُ تعالیٰ عنہ،
سید عبد اللہ خیر کرے۔

دم برائے درد چشم

اگر کسی کی آنکھیں خراب ہو جائیں تو عامل کو لازم ہے سورۃ فاتحہ کو ۱۱ ۱۲ بار پڑھ کر مریض آنکھوں کو صبح و شام دھوئے تو امید ہے صحت نصیب ہوگی۔

دم برائے خشک کھانسی

اگر کسی کو خشک کھانسی ہو تو مریض شاید بیمار ہو جائے۔ تو عامل کو لازم ہے روغن چنبیلی لائے۔ اول و آخر درود شریف پڑھ کر اس روغن کو دم کیا جائے۔ اور مریض سوتے وقت گلے کو مالش کرے۔ امید ہے ایسا کرنے سے انشاء اللہ مرض جاتی رہے گی۔

دم برائے ڈبہ

عامل کو لازم ہے جب مریض کے پاس پہنچے اس کے دائیں کان میں اذان پڑھے اور بائیں کان میں تکبیر۔ تو امید ہے ڈبہ جا

رہے گا۔ اور تین تین بار سورت الم نشرح پڑھ کر بھی دم کیا جاتا ہے۔ اور ایک اور بھی دم ہے۔ جب عامل مریض کے پاس پہنچے تو اس ترکیب سے دائرہ بنائے۔ زمین پر باڑی سے یا چاقو سے، پھر اس دائرے میں جنوب سے شمال کی طرف لکریں کھینچے۔ جب سات لکریں کھینچ لے تو مریض کو دیکھیے کہ اس کی حالت کیسی ہے۔ اگر اگر مرض باقی ہے تو پھر اسی دائرہ میں مشرق سے مغرب کی طرف سات لکیریں کھینچے۔ دائرہ آپ کے سامنے ہے۔ اسی قسم کا دائرہ بنائیں۔

یہ سبق پڑھ کر دم کریں سبق یہ ہے

لا الٰہ لا تقا الا اللہ کا تیر

محمدؐ کے گلے سے ڈھیبے کو چیر

دائرہ یہ ہے

دم برائے جن

اگر کسی کو جن کا آسیب ہو جائے تو عامل کو لازم ہے کہ مریض کے گرد آیۃ الکرسی پڑھ کر لکیر کھینچ لیں۔ اور اس کے دائیں کان میں اذان اور بائیں کان میں تکبیر پڑھیں۔ جب دائیں کان میں اذان پڑھنی شروع کریں تو بائیں کان میں اپنے ہاتھ کی انگلی زور سے دبائیں۔ اور پھر جب بائیں کان میں تکبیر پڑھیں تو دائیں کان میں انگلی زور سے دبائیں۔ ایسا عمل کرنے سے جن جل کر راکھ ہو جاتا ہے۔ اگر اندیشہ ہو کہ مریض کو ہاتھ لگانے سے خطرہ ہو یا مریض ہاتھ اٹھا کر وار کرتا ہو۔ تو پھر سورۃ جن پڑھ کر دم کریں

Scanned by CamScanner

ایسا کرنے سے کبھی جن جل جاتا ہے۔ اور یہ سورۃ سپارہ نمبر ۲۹ میں درج ہے۔ دو رکوع ہیں۔ لیکن اس کی زکوٰۃ عامل کو ادا کرنی ضروری ہے۔ لیکن زکوٰۃ اس طریقے سے ادا کرنی ہوتی ہے۔

ترکیب زکوٰۃ :۔ بعد نماز عشاء پاک صاف کپڑے پہن کر اور خوشبو وغیرہ لگا کر اپنے گرد آیۃ الکرسی پڑھ کر لکیر کھینچ لے اور سات بار اس کو روزانہ پڑھیں اور ۲۱ دن تک متواتر پڑھتا رہے تو اس کی زکوٰۃ ادا ہو جاتی ہے۔ یا گیارہ محتاجوں کو کپڑے دیئے جائیں اور کھانا کھلایا جائے۔ پھر بھی اس کی زکوٰۃ ادا ہو جاتی ہے۔ لیکن اپنے پیر استاد کا تصور کرنا بھی ضروری ہے۔

دم برائے نظر بد

اگر کسی کو نظر بد کی شکایت ہو۔ خواہ انسان ہو یا حیوان تو عامل کو لازم ہے۔ اس کے دائیں کان میں اذان پڑھے اور بائیں کان میں تکبیر پڑھے۔ تو یہ عمل تین دفعہ کرنے سے مرض چلی جاتی ہے۔ اگر کسی باغ کو نظر بد کی شکایت ہو تو اس کو بھی اسی طریقے سے چاروں کونوں میں کھڑے ہو کر بلند آواز سے تکبیر اور اذان پڑھی جاتی ہے۔

Scanned by CamScanner

دم برائے درد سینہ

اگر کسی کے سینہ میں درد ہوتا ہو تو عامل کو لازم ہے۔ کہ وہاں پہنچ کر مریض کے سینہ پر انگلی رکھے اور سورۃ الم نشرح کو پڑھنا شروع کرے تو اول و آخر درود شریف پڑھے اور انگلی کو کھینچتا ہوا ایک طرف لے جائے۔ جہاں درد کو ٹھہرانا مقصود ہو۔ اسی طرح سات بار پڑھتے ہوئے دم کیا جائے۔ انشاء اللہ درد ختم ہو جاتا ہے:

دم برائے درد کان

اگر کسی کے کان میں درد ہو تو عامل کو لازم ہے۔ اول و آخر درود شریف پڑھ کر اس سبق مبارک کو ایک سو ایک بار پڑھا جائے اور دم کیا جائے۔ تو انشاء اللہ صحت نصیب ہو گی۔ سبق مبارک یہ ہے:۔ یَا سَمِیْعُ

دم برائے اِختلام

اگر کسی کو ہر روز سوتے وقت احتلام ہو جاتا ہو۔ تو اس کو لازم ہے۔ سونے سے پہلے اپنے دائیں ہاتھ

ناف کے اوپر یا عمر تین بار لکھ لے تو امید ہے انشاء اللہ صحت نصیب ہو گی۔ اور احتلام نہیں ہو گا۔

دم برائے چوٹ (زخم)

اگر کسی کو چوٹ لگی ہے۔ تو عامل کو لازم ہے کہ اس سبق کو نو بار پڑھ کر تین دفعہ دم کیا جائے۔ تو صحت نصیب ہو گی۔ سبق مبارک یہ ہے۔ یا تیمم ۵۔

دم برائے خود

اگر کوئی چاہے کہ میں حافظ کاری یا عالم فاضل یا عامل کامل یا شاعر بن جاؤں تو اس سبق مبارک کو ہر نماز کے بعد اول و آخر درود شریف پڑھا جائے۔ اور گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے سینے پر دم کریں۔ (پھونک ماریں) تو امید ہے۔ انشاء اللہ جو چاہے گا وہی بن جائے گا۔ میں اسی آیت کی برکت سے شاعر بنا ہوں۔ اس سے پہلے میں کچھ کتابیں لکھ چکا ہوں۔ جو آپ کو شیخ محمد سعید تاجر کتب نولکھا بازار لاہور سے مل سکتی ہیں۔ اور ہمارا بار بار کا تجربہ ہے۔ یہ آیت سورۃ طٰہٰ رکوع ۲ سپارہ ۱۶ رکوع ۲ میں ہے۔

رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ وَيَسِّرْ لِيْ اَمْرِيْ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا

دم برائے پڑبال S.A.

اگر کسی کی آنکھوں میں پڑبالوں کی شکایت ہو تو اس کو لازم ہے کہ چاند کی چودہ تاریخ کو کھڑے ہو کر سورۃ فاتحہ دس بار پڑھیں اور سورۃ اخلاص تین بار پڑھیں - اور پھر اپنے دائیں ہاتھ کو محبت سے آنکھوں پہ پھیر لے - اسی طرح ۱۵، ۱۶، ۱۷ دنوں تک عمل کریں تو امید ہے انشاء اللہ پڑبال ختم ہو جائیں گے -

دم برائے ناروا S.A.

اگر کسی کو ناروا کی شکایت ہے تو اس کو لازم ہے اپنے دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے ناروا کی جگہ پر دائرہ بنائے - اور اس سبق کو نو بار پڑھ کر گھوٹتے رہیئے امید ہے اس طرح سات دن کرنے سے ناروا ختم ہو جائے گا - سبق مبارک یہ ہے -

کبیرہ بیری تو ناروا وڈا، اللہ وڈا، محمدؐ سفر کر گئے تو بھی سفر کر

دم برائے ریح

S-19

اگر کسی کو ریح کا درد ہوتا ہو۔ اور یہ درد جا بجا پھرتا رہتا ہو تو عامل کو لازم ہے۔ کہ مریض کو کہے کہ تیل لائے۔ اور اس تیل میں لونگ ایک تولہ ڈال دیں۔ اور پھر اس سبق مبارک کو دس دس بار پڑھ کر دم کریں۔ حتیٰ کہ سبق کو ستر بار پڑھا جائے تو مریض اس تیل کو درد کی جگہ پر ملے تو امید ہے۔ انشاء اللہ شفا ہوگی۔

سبق مبارک یہ ہیں:۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِينَ ۔

دم برائے تھن ٹل جانا

S-A

یعنی

عورت کی چھاتی دکھنا

اگر کسی عورت کا تھن خراب ہو جائے یا کسی کو کھیرالی نکلے یا آنکھیں خراب ہو جائیں تو عامل کو لازم ہے مریض سے دریافت کرے کہ کونسی طرف کی چھاتی ہے۔ پھر اس کو کہے کہ تم جاؤ۔ پھر اسی طرف کی اپنی چھاتی کے اردگرد انگلی سے دائرہ بنائے اور دم پڑھنا شروع کرے۔ اگر کسی کو کھیرالی ہو تو پھر اس سے جنگلی اُپلوں کی راکھ منگوائیں تو اس پر بھی یہی دم پڑھیں

Scanned by CamScanner

اور چھ تیل لگا کر کھجلی پر لگائیں۔ اگر کسی کی آنکھیں خراب ہوں۔ تو پانی کو دم کر کے آنکھوں کو دھویا جائے۔ دم بے نظیر ہے۔ اور بار بار کا آزمایا ہوا ہے۔ دم مبارک یہ ہے۔

آنکھ دکھے تھن ڈھلے کھجلی پھوڑا الوت
برکت کلمے محمد دی پانچوں بھگنا بھوت"

دم برائے لاعلاج مریض

S.A.

عامل کو لازم ہے۔ کہ جس مریض کو کسی دوائی سے صحت نہیں ہوتی تو ایک بوتل میں پانی ڈالے اور اس ترکیب سے اس سورت کو پڑھ کر دم کرے۔ اور ایک ایک بوتل پر ۲۱ مرتبہ پڑھے۔ جس مریض کو صحت نہیں ہوتی وہ پانی اسے پلائے۔ تو امید ہے صحت نصیب ہوگی۔ اس سورۃ مبارک کو دم کیا جائے۔

سورت مبارک یہ ہے اور اس طرح پڑھی جائے "

اِنَّا اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرْ ثر۔ ثر۔ ثر۔ ثر۔ ثر۔ ثر۔ ثر
فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ حر۔ حر۔ حر۔ حر۔ حر۔ حر۔ حر
اِنَّ شَانِئَکَ هُوَ الْاَبْتَرْ تر۔ تر۔ تر۔ تر۔ تر۔ تر۔ تر

اگر کوئی شخص کسی مشکل میں مبتلا ہو تو بعد نماز عشاء اسی ترکیب سے گیارہ بار اس سورت کو پڑھے۔ تو پھر ۲۱ دن تک عمل کرے تو لامیدہے۔ ہر مشکل آسان ہو اور ہر مصیبت سے آزاد ہو جائے

دم برائے حب

S.8

اگر کوئی کسی کے عشق میں مبتلا ہو تو اس کو لازم ہے کہ
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۷۸۶ بار پڑھ کر اور اول آخر درود
شریف پڑھے۔ اور اپنے مطلوب کو سات دن تک پلاتا
رہے تو امید ہے انشاء اللہ وہ تابعدار ہوگا۔

دم برائے ظالم حاکم

S.9

اگر کسی کو ظالم حاکم سے واسطہ ہو۔ لیکن وہ کام
نہیں کرتا۔ تو اس کو لازم ہے۔ پاک صاف ہو کر دو رکعت
نماز نفل پڑھے۔ اور پہلی رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے
سورۃ والضحیٰ۔ اور دوسری رکعت میں بعد سورۃ الم
نشرح تین بار اور پھر نماز ختم کے بعد جب گھر سے
چلے تو دایاں قدم آگے رکھے۔ تو سورۃ فاتحہ پڑھے۔ اسی
اسی طرح جب بایاں قدم آگے رکھے تو سورت پڑھنا چاہئے۔
حتیٰ کہ گیارہ قدم بار سورۃ پڑھی جائے۔ تو امید ہے
انشاء اللہ ظالم حاکم مہربان ہوگا۔ اللہ بار بار کا آزمودہ
ہے

دم برائے الفت S.A.

اگر کوئی کسی کے عشق میں مبتلا ہو تو اس کو چاہیئے کہ اس آیت کو گیارہ بار پڑھ کر کسی میٹھی چیز کو دم کر کے اس کو کھلا دے۔ انشاء اللہ معشوق عاشق بن جاوے گا۔
سپارہ ۶ سورۃ النساء۔ آیت آخری۔ یَا اَیُّھَا النَّاسُ قَدْ جَاءَکُمْ بُرْھَانٌ مِّنْ رَّبِّکُمْ وَاَنْزَلْنَا اِلَیْکُمْ نُوْرًا تَنْزِیْلَ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ۔

برائے زیارت رسول S.A.

اگر کوئی چاہے کہ میں رسول پاک کو اپنی زندگی میں دیکھ لوں تو اس کو لازم ہے کہ پاک صاف ہو کر بعد نماز عشاء اس سبق مبارک کو ایک ہزار بار پڑھے اور جہاں پڑھتا ہو وہاں ہی سو رہے۔ اسی طرح اکتالیس دن تک عمل کرے تو امید ہے انشاء اللہ رسول پاک کو خواب میں دیکھے گا۔ لیکن اس عمل کا پڑھنا بہت غور سے ہے۔
آیت مبارک یہ ہے۔ هُوَ الْحَبِیْبُ الَّذِیْ تُرْجٰی شَفَاعَتُہٗ لِکُلِّ ھَوْلٍ مِّنَ الْاَھْوَالِ مُقْتَحِمٖ ط

دم برائے نظر کو تیز کرنا

اس سبق کو گیارہ بار پڑھ کے آنکھوں پر ہاتھ پھیرے کے ساتھ ۲۱ دن تک عمل کیا جائے تو امید ہے نظر تیز ہو جاتی ہے۔ سبق یہ ہے [illegible]

دم برائے خفقان

اگر کسی مریض کا دل فوراً ہی گھبرا جاتا ہو تو عامل کو لازم ہے عرق گاؤ زبان لائے۔ اس پر سورۃ فاتحہ ۲۱-۲۱ بار پڑھے۔ تو پھر (۲) مریض کو تین بار دن میں پلایا جائے۔ امید ہے انشاء اللہ صحت ہو گی۔

دم برائے سگ دیوانہ

اگر کسی کو سگ دیوانہ کاٹ جائے۔ تو عامل کو لازم ہے عرق کیلا لائے۔ اس پر سورۃ اخلاص کو ۲۱-۲۱ پڑھ کر دم کریں تو پھر مریض کو اکتالیس (۴۱) دن تک پلایا جائے تو امید ہے صحت ہو گی۔

Scanned by CamScanner